شرائط وضوابط

برانچ لیس بینکنگ شرائط وضوابط–لیول 0 اور 1

یہ شرائط وضوابط (''شرائط وضوابط'') حبیب بینک لمیٹڈ (''ہم''، ''ہمارے''، یا''HBL'') کی پیش کردہ برانچ لیس بینکاری خدمات کے لیے اکاؤنٹ ہولڈر (''کسٹمر'' یا ''اکاؤنٹ ہولڈر'' یا ''آپ'') کی رجسٹریشن اور اکاؤنٹ کے استعمال پر لاگو ہوتے ہیں۔ جب کوئی استعمال کنندہ HBL برانچ لیس بینکنگ کے لیے رجسٹر ہوتا ہے اور سروس کا استعمال کرتا ہے تو یہ شرائط وضوابط اکاؤنٹ ہولڈر اور HBL کے درمیان ایک معاہدہ طے کرتی ہیں۔ ان شرائط وضوابط کے اختتام پر اسکرین پر نمودار ہونے والے ''Accept'' کے بٹن کو دبانے سے آپ: (i) ان شرائط وضوابط کو قبول کرنے کی توثیق کرتے ہیں؛ (ii) ان شرائط وضوابط پر عمل اور ان کی قانونی پابندی پر اتفاق کرتے ہیں؛ اور (iii) اپنی منظوری کی توثیق کرتے ہیں سروسز کا حصول ان شرائط وضوابط کے مطابق اور ان کی تعمیل میں کریں گے۔

تعریفیں

''اکاؤنٹ ہولڈر'' کا مطلب ایجنٹ یا کسٹمر ہے؛

''AMA'' یا آسان موبائل اکاؤنٹ سے مراد بنیادی برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ ہے جس کے ذریعے کسٹمرز USSD چینل کی مدد سے برانچ لیس بینکاری کی معیاری ٹرانزیکشنز اور موبائل پیمنٹ سروسز سے استفادہ کرسکتے ہیں۔ اس اسکیم کے ذریعے افراد مختصر کوڈ، یعنی #2262* استعمال کرتے ہوئے AMA پلیٹ فارم تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں اور ٹرانزیکشنز انجام دے سکتے ہیں۔

''ایجنٹ'' کا مطلب HBL کا برانچ لیس بینکنگ ایجنٹ ہے، جو برانچ لیس بینکاری ایجنسی معاہدے کے تحت مقرر کیا گیا ہے تاکہ وہ ان شرائط وضوابط اور برانچ لیس بینکاری ایجنسی معاہدے کے مطابق صارفین کو خدمات فراہم کرسکے؛

''اے ٹی ایم'' کا مطلب ہے HBL کی آٹومیٹڈ ٹیلر مشینیں؛

''بی بی ریگولیشنز'' کا مطلب برانچ لیس بینکنگ ریگولیشنز ہیں جو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ذریعے جاری کیے گئے ہیں اور جن میں وقتاً فوقتاً ترمیم کی جاتی ہے؛

''برانچ لیس بینکنگ'' یا ''بی بی'' کا مطلب ان بینکاری سرگرمیوں کی انجام دہی ہے جو برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ رکھنے والے اکاؤنٹ ہولڈر کے لیے HBL کے بی بی ریگولیشنز میں بیان کی گئی ہیں۔ اس میں وہ اطلاعاتی سروسز شامل نہیں ہیں جو روایتی بینکنگ کھاتے داروں کو فون، انٹرنیٹ، ایس ایم ایس وغیرہ کے ذریعے پہلے ہی فراہم کی جارہی ہیں۔

''برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ'' یا ''بی بی اکاؤنٹ'' کا مطلب ایک ایسا لیول 0 یا لیول 1 (جیسا بھی معاملہ ہو) اکاؤنٹ ہے جو اکاؤنٹ ہولڈر کے ذریعے HBL کے پاس کھلوایا گیا ہو اور جس میں رقم کا جمع کرانا یا نکلوانا الیکٹرونک فنڈ ٹرانسفر کے ذریعے انجام پائے اور جو بی بی ریگولیشنز میں بیان کردہ شرائط کے مطابق برانچ لیس بینکنگ کی سرگرمیوں کے لیے استعمال ہوتا ہو؛

''برانچ لیس بینکاری ایجنسی معاہدہ'' کا مطلب وہ دستاویز ہے جو ایجنٹ اور HBL کے درمیان طے پاتا ہے اور جس کے تحت HBL نے صارفین کو خدمات کی فراہمی کے لیے ایجنٹ کو اپنا برانچ لیس بینکنگ ایجنٹ مقرر کیا ہے؛

''بایومیٹرک ویری فکیشن سسٹم'' یا ''بی وی ایس'' کا مطلب ٹیکنالوجی سے چلنے والا وہ نظام ہے (نادرا یا متعلقہ سرکاری اتھارٹی سے قابلِ تصدیق) جو HBL کو برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ کھولنے یا برانچ لیس بینکنگ ٹرانزیکشن کی انجام دہی کے لیے اکاؤنٹ ہولڈرز کے بایومیٹرک فنگر پرنٹ حاصل کرنے کی اجازت دیتا ہے؛

"کسٹمر" کا مطلب وہ برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ ہولڈر ہے جس نے HBL سے ان شرائط وضوابط کے مطابق برانچ لیس بینکنگ خدمات حاصل کرنے کا انتخاب کیا ہے؛

"الیکٹرونک فنڈز ٹرانسفر" کا مطلب رقم کی ایسی منتقلی ہے جس میں کسی الیکٹرونک ٹرمینل، اے ٹی ایم، ٹیلی فون آلے، کمپیوٹر، مقناطیسی میڈیم یا کسی دوسری الیکٹرونک ڈیوائس کے ذریعے کسی اکاؤنٹ کو ڈیبٹ یا کریڈٹ کرنے کے لیے HBL کو حکم یا ہدایت دی گئی ہو یا مجاز بنایا گیا ہو؛

"HBL" کا مطلب حبیب بینک لمیٹڈ ہے؛

"Konnect by HBL فون بینکنگ" کا مطلب Konnect by HBL کی فون بینکاری سروسز ہیں جن تک 111-425-111 ڈائل کر کے رسائی حاصل کی جاسکتی ہے؛

"Konnect ایپ" کا مطلب HBL کی کنیکٹ موبائل ایپلی کیشن ہے جو اکاؤنٹ ہولڈر کو اس کے اسمارٹ فون کے ذریعے سروسز تک رسائی حاصل کرنے کے قابل بناتی ہے، یہ ایپ وقتاً فوقتاً اپ ڈیٹ بھی ہو سکتی ہے؛

"PIN" کا مطلب پرسنل آئیڈنٹی فکیشن (ذاتی شناختی) نمبر ہے جو مالیاتی ٹرانزیکشنز انجام دینے کے لیے استعمال ہوتا ہے؛

"پاس ورڈ" کا مطلب حروف واعداد کی ایک ترتیب ہے جو یہ تعین کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے کہ جو موبائل کسٹمر کسی نظام تک رسائی کی درخواست کر رہا ہے وہ واقعتاً وہی مخصوص کسٹمر ہے؛

"SBP" کا مطلب اسٹیٹ بینک آف پاکستان ہے؛

"سروسز" کا مطلب ہے وہ برانچ لیس بینکاری سروسز جو ایجنٹ کے ذریعے ان شرائط وضوابط اور برانچ لیس بینکاری ایجنسی کے معاہدے کے تحت کسٹمر کو فراہم کی جاتی ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ کوئی بھی برانچ لیس بینکاری سروسز اور فیچرز جو کسٹمر کے اسمارٹ موبائل فون پر ڈاؤن لوڈ کی گئی Konnect ایپ کے ذریعے فراہم کی جاتی ہیں؛

"سم" یا "سم کارڈ" کا مطلب ایک چھوٹا سا جزو ہے جو عام طور پر ایک چھوٹے اسمارٹ کارڈ کی شکل میں ہوتا ہے جو موبائل کسٹمر کو موبائل نیٹ ورک کے ساتھ منسلک کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے؛

"ایس ایم ایس" کا مطلب وہ سروس ہے جو موبائل اسٹیشن اور وائرلیس سسٹم کے درمیان اور وائرلیس سسٹم اور بیرونی ڈیوائس کے درمیان مختصر پیغامات کے تبادلے کو یقینی بناتی ہے، جو مختصر پیغامات کی منتقلی اور اختیاری طور پر موصول کے قابل ہوتی ہے؛

حصہ 1: عمومی

1. برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ کھولنے کے وقت، اکاؤنٹ ہولڈر کی مناسب شناخت / اپنے کسٹمر کو پہچانیں (KYC) کی ضرورت ہوگی، جو HBL کی پالیسی / طریقہ کار اور / یا کسی بھی ریگولیٹری اتھارٹی کی ہدایت (ہدایات) کے مطابق تصدیق کے تحت ہوگی۔

2. اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے فراہم کردہ موبائل نمبر (پی ٹی اے کی شرائط کے مطابق) اکاؤنٹ ہولڈر کے نام رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے جو اس کے سی این آئی سی پر ظاہر ہوتا ہو۔ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے اگر کوئی غلط معلومات فراہم کی گئی ہے تو HBL اکاؤنٹ بلاک کرنے / بند کرنے سمیت کوئی بھی کارروائی کر سکتا ہے۔

3. بی بی اکاؤنٹ کھولنے اور چلانے اور خدمات کی فراہمی کے مقاصد کے لیے، HBL کو بایو میٹرک تصدیق کے نظام کے ذریعے کسٹمر کے ڈیٹا تک رسائی حاصل کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے اور اکاؤنٹ ہولڈر اس شق کے تحت HBL کو بایو میٹرک تصدیقی نظام کے ذریعے اس طرح کے ڈیٹا تک رسائی حاصل کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

4. رجسٹریشن کے وقت اکاؤنٹ ہولڈر 6 ہندسوں کا توثیقی / پن کوڈ تشکیل دے گا۔

5. بی بی اکاؤنٹ کھولنے یا چلانے والے ہر فرد کو ان شرائط وضوابط اور بینک کے ذریعے وقتاً فوقتاً جاری کردہ قابلِ اطلاق شیڈول آف چارجز اور ان میں کی جانے والی ترامیم کو پڑھنا، سمجھنا اور قبول کرنا ضروری ہے اور کسٹمر کو ان کے بارے میں اطلاع دی جائے گی۔

6. برانچ لیس بینکاری ایجنسی معاہدے اور ان شرائط وضوابط کی کسی بھی اصطلاح میں کسی تنازع اور / یا عدم مطابقت کی صورت میں، برانچ لیس بینکاری ایجنسی معاہدے کی شرائط تنازع / عدم مطابقت کی حد تک غالب ہوں گی۔

7. اگر کسی بھی وجہ سے برانچ لیس بینکاری ایجنسی کا معاہدہ ختم ہو جاتا ہے تو HBL ایجنٹ کے متعلقہ بی بی اکاؤنٹ کو ختم / بند کرنے کا مجاز ہو گا۔

8. HBL کسی بھی وقت محض اپنی صوابدید پر سروسز (یا اس کا کوئی حصہ) بند کر سکتا ہے اور کسٹمر کو اس کی اطلاع دی جائے گی۔

9. اگر کوئی اکاؤنٹ ہولڈر HBL کے ساتھ اضافی اکاؤنٹ کھولتا ہے اور / یا HBL کی کوئی بھی مصنوعات / سروسز حاصل کرتا ہے اور HBL اس طرح کے اکاؤنٹ، مصنوعات یا سروسز میں توسیع کرتا ہے اور اکاؤنٹ ہولڈر اس کے استعمال کا انتخاب کرتا ہے تو یہ شرائط وضوابط خود بخود اس طرح کے اکاؤنٹس اور ان میں کی جانے والی ٹرانزیکشنز پر لاگو ہو جائیں گی۔

10. یہ شرائط وضوابط HBL کی جانب سے اکاؤنٹ ہولڈرز کو وقتاً فوقتاً پیش کیے جانے والے مختلف اکاؤنٹس، سروسز، مصنوعات اور ڈپازٹ اسکیموں کے مخصوص طریقہ کار اور مخصوص شرائط وضوابط کا متبادل نہیں، بلکہ ان میں اضافہ تصور کی جائیں گی۔

(''اضافی شرائط وضوابط'') اس طرح کے تمام اضافی شرائط وضوابط سروسز، بی بی اکاؤنٹ اور اس میں ہونے والی ٹرانزیکشن پر لاگو ہوں گی اور بی بی اکاؤنٹ کھول کر اور / یا اس میں ٹرانزیکشن کر کے اکاؤنٹ ہولڈر اس طرح کی اضافی شرائط وضوابط کی پاس داری کرنے اور قانونی طور پر پابند ہونے کا اتفاق کرتا ہے۔ ان شرائط وضوابط اور اضافی شرائط وضوابط کے مابین کسی تنازع یا عدم مطابقت کی صورت میں HBL کی جانب سے کیا گیا تعین حتمی مانا جائے گا۔

حصہ 2: بی بی اکاؤنٹ کی خصوصیات

1. بی بی اکاؤنٹ کے کرنٹ اکاؤنٹ میں کسی قسم کے منافع یا مارک اپ کی ادائیگی نہیں ہو گی۔

2. بی بی اکاؤنٹ اور اس کی سروسز اور اس کا آپریشن خالصتاً اکاؤنٹ ہولڈر کی ذاتی نوعیت کا ہے اور کسی بھی صورت میں کسی دوسرے شخص کو منتقل نہیں کیا جا سکتا ہے۔

3. ہر بی بی اکاؤنٹ کا ایک مخصوص نمبر ہو گا، بی بی اکاؤنٹ اور خدمات سے متعلق HBL کے ساتھ تمام خط وکتابت میں اکاؤنٹ ہولڈر کے ذریعے اس نمبر کا حوالہ لازمی دیا جانا چاہیے۔

4. بی بی اکاؤنٹ پر اوور ڈرافٹ کی کسی بھی سہولت کی اجازت نہیں ہے جب تک کہ اوور ڈرافٹ کی حد HBL سے منظور نہ ہو۔

5. بی بی اکاؤنٹ میں ڈپازٹ، پیسے نکلوانے، بیلنس، بل کی ادائیگی اور ٹرانزیکشنز کی مخصوص حدود مقرر ہیں جو قابلِ اطلاع قواعد وضوابط کے مطابق HBL اکاؤنٹ ہولڈر کو وقتاً فوقتاً مطلع کرتا رہے گا۔

6. کوئی بھی ٹرانزیکشن جو بی بی اکاؤنٹ میں کریڈٹ یا ڈیبٹ کی حدود کو توڑتی ہو اسے مسترد کر دیا جائے گا۔

7. بینک بی بی اکاؤنٹ چلانے اور اس کی ٹرانزیکشن سے پیدا ہونے والے کسی بھی اخراجات، فیس، کمیشن، مارک اپ / سود، زکوٰۃ، وِد ہولڈنگ ٹیکس، اسٹامپ ڈیوٹی، ٹیکس، ڈیوٹی، یا کسی بھی دوسرے اخراجات اور سروس چارجز کے لیے اکاؤنٹ ہولڈر کو پیشگی اطلاع کے بغیر بی بی اکاؤنٹ کو ڈیبٹ کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ تمام

قابلِ اطلاع ٹیکس نافذ ٹیکس قوانین کے مطابق وصول کیے جائیں گے جس میں ناکامی کی صورت میں HBL یہ حق رکھتا ہے کہ اپنے سروسز چارج (مع مارک اپ / منافع اگر کوئی ہو تو) کی وصولی کے لیے جو مناسب طریقہ سمجھے اختیار کرے جن میں بی بی اکاؤنٹ سے فنڈ نکالنا بھی شامل ہے اور اس سلسلے میں HBL پر کوئی ذمہ داری نہیں ہو گی۔

حصہ 3: برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ کا استعمال

1. سروسز استعمال کرنے کے لیے اکاؤنٹ ہولڈر کو HBL برانچ لیس بینکنگ سروس کے لیے HBL کے ساتھ رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے۔

2. ٹرانزیکشن کی درخواستوں کی توثیق رجسٹرڈ بی بی اکاؤنٹ نمبر کے ذریعے صرف پن کے ذریعے کی جائے گی۔

3. موبائل نیٹ ورک پورٹیبلٹی (ایم این پی) کی وجہ سے اکاؤنٹ ہولڈر کو سروس میں کسی قسم کا خلل پیش آنے پر HBL ذمہ دار نہیں ہو گا۔

4. اکاؤنٹ ہولڈر کم سے کم قابلِ اطلاق ماہانہ اوسط بیلنس برقرار رکھنے کا ذمہ دار ہو گا۔ HBL کی جانب سے اکاؤنٹ ہولڈر کو کم سے کم ماہانہ اوسط بیلنس کی ضرورت کے نفاذ سے کم از کم تیس (30) دن قبل مطلع کیا جائے گا۔ مقرر کردہ کم سے کم ماہانہ اوسط بیلنس برقرار رکھنے میں ناکامی پر شیڈول آف بینک چارجز کے مطابق چارز لاگو ہوں گے جس کی کٹوتی HBL بی بی اکاؤنٹ سے کرلے گا۔

5. اگر کوئی اکاؤنٹ ہولڈر بی بی اکاؤنٹ کو دس (10) سال کی مدت تک استعمال نہیں کرتا تو اس میں جمع رقم کو غیر دعویٰ شدہ قرار دے دیا جائے گا اور بینکنگ کمپنیوں کے آرڈیننس 1962ء اور اسٹیٹ بینک کی مروجہ دفعات / ہدایات / قواعد کے مطابق اسے اسٹیٹ بینک کی بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBPBSC) کے حوالے کر دیا جائے گا۔

6. HBL کو کسی اکاؤنٹ ہولڈر کے انتقال یا دیوالیہ پن کا باضابطہ نوٹس موصول ہونے پر یا کسی دوسرے معتبر ذریعے سے اس کے بارے میں آگاہ ہونے پر HBL اس بی بی اکاؤنٹ کی تمام سرگرمیاں فوری طور پر معطل کردے گا اور کسی سرگرمی یا رقم نکلوانے کی اجازت دینے کا پابند نہیں ہو گا جب تک کہ وراثتی سرٹیفکیٹ یا مجاز عدالت کی جانب سے حکم نامہ نہ پیش کر دیا جائے۔

7. بی بی اکاؤنٹ میں کسی سرگرمی یا ٹرانزیکشن میں کسی نقص یا خامی کی صورت میں اسے پینتالیس (45) دن کے اندر HBL کے تحریری نوٹس میں یا فون بینکنگ پر شکایت درج کروانا ضروری ہے۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں اکاؤنٹ کی وہ سرگرمیاں یا ٹرانزیکشنز حتمی، قطعی اور قبول شدہ تسلیم ہوں گی خواہ وہ کوئی بھی ہوں۔

8. بی بی اکاؤنٹ میں اندراجات پوسٹ کرنے میں بینک کی طرف سے کسی بھی قسم کی غلطی کی صورت میں HBL ہر وقت یہ حقوق محفوظ رکھتا ہے کہ اکاؤنٹ ہولڈر کو بغیر کسی اطلاع کے اس غلطی کی اصلاح کرلے اور بعد میں اسے مطلع کردے اور اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا کسی تیسرے فرق کو غلطی سے ادا کی جانے والی یا اکاؤنٹ میں غلطی سے جمع شدہ رقم کو سود سمیت وصول کرلے۔ تاہم HBL اس طرح کی کسی غلطی (غلطیوں) کے نتیجے میں ہونے والے نقصان یا کسی بھی فریق کو پہنچنے والے کسی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہو گا۔

9. HBL نہ تو سروسز کے ذریعے خریدی گئی کسی تیسری پارٹی کی مصنوعات / خدمات کے لیے ذمہ دار ہو گا اور نہ ان کے معیار، تجارتی صلاحیت، وارنٹی یا قبولیت کا ذمہ دار ہو گا۔

10. AMA اسکیم کے تحت، کسٹمر اپنے BB اکاؤنٹس AMA پلیٹ فارم پر کھول سکتے / رجسٹر کرسکتے ہیں یا اپنے BB اکاؤنٹس (لیول 0 اور لیول 1) کو AMA پلیٹ فارم سے منسلک کرسکتے ہیں اور AMA اسکیم پلیٹ فارم پر دستیاب مختلف خدمات استعمال کرسکتے ہیں۔ برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ کی شرائط وضوابط کے ساتھ ساتھ، AMA اکاؤنٹ ہولڈر درج ذیل سے اتفاق کریں گے:

a. BB ریگولیشنز میں درج BB اکاؤنٹس کی موجودہ ٹرانزیکشن لمٹ AMA اسکیم کے USSD پلیٹ فارم کے ذریعے پروسیس کی جانے والی ٹرانزیکشنز پر لاگو ہوں گی۔

b. AMA USSD اکاؤنٹس کے ذریعے کی گئی تمام ٹرانزیکشنز پر نافذ العمل Konnect by HBL کے SOBC کے مطابق چارجز/ فیس لاگو ہو گی جو ویب سائٹ www.hbl.com/k پر اپ لوڈ ہے۔

c. AMA USSD اکاؤنٹس کے ذریعے انجام دی جانے والی تمام ٹرانزیکشنز Konnect by HBL کی جانب سے طے شدہ موجودہ L0 اور L1 اکاؤنٹس کی لمٹ کے مطابق ہوں گی۔ www.hbl.com/k

d. AMA اکاؤنٹ کی فراہمی اور ان شرائط وضوابط کا انتظام پاکستان کے قانون کے تحت ہو گا۔

e. USSD پلیٹ فارم پر کسٹمر کی رضامندی حاصل کرنے کے بعد اکاؤنٹ لنک کیا جائے گا۔ کسٹمر تھرڈ پارٹی سروس پرووائیڈر (TPSP) اور بینک کو اپنی معلومات فراہم کرنے اور اسٹور کرنے پر رضامندی بھی فراہم کریں گے۔ رضامندی حاصل کرنے اور کسٹمر کی تفصیلات کی تصدیق کے بعد، اکاؤنٹ کو مرکزی BB اکاؤنٹ سے لنک کر دیا جائے گا۔

f. KYC، رجسٹرڈ موبائل نمبر، بایومیٹرک ویری فکیشن، شیڈول آف بینک چارجز، برانچ لیس بینکنگ ایجنسی ایگریمنٹ سے متعلق تمام شرائط وضوابط اور دیگر شرائط AMA اکاؤنٹ ہولڈرز پر لاگو ہوں گی۔

g. TPSP کی جانب سے AMA اسکیم USSD پلیٹ فارم کے ذریعے مالیاتی اور غیر مالیاتی ٹرانزیکشنز کی راؤٹنگ / سوئچنگ ان کے آغاز سے انجام تک ریئل ٹائم میں انجام دی جائے گی۔

حصہ 4: سکیورٹی

1. اگر اکاؤنٹ ہولڈر کے پن اور / یا سم تک کوئی تیسرا فرق رسائی حاصل کر لیتا ہے تو HBL ذمہ دار نہیں ہو گا۔ ایسے کسی غیر مجاز فرد کی جانب سے اکاؤنٹ میں کی گئی ٹرانزیکشنز کو جائز سمجھا جائے گا اور HBL اس پر عمل در آمد کرے گا جب تک کہ اس طرح کی ٹرانزیکشنز سے قبل HBL کو مطلع نہیں کیا جاتا۔ ایسی ٹرانزیکشنز کی صورت میں HBL کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ہے اور اس کے نتیجے میں اکاؤنٹ ہولڈر کے کسی نقصان کی تلافی کا ذمہ دار نہیں ٹھہرتا ہے۔

2. اکاؤنٹ ہولڈر ناقابلِ تنسیخ اور غیر مشروط طور پر یہ یقین دہانی کرواتا ہے کہ اکاؤنٹ ہولڈر کے پن اور دیگر خفیہ معلومات کو خفیہ رکھا جائے گا اور کسی بھی غیر مجاز شخص کو موبائل فون اور پن تک رسائی نہیں ہونے دی جائے گی۔

3. پن کی سکیورٹی کو کسی ایسے پن کوڈ کا انتخاب کرکے خطرے میں ڈالنے یا سمجھوتا کرنے کی ضرورت نہیں ہے جس کا آسانی سے اندازہ لگایا جا سکتا ہو، جیسے کہ ایک ہی نمبروں میں سے چھ (6) یا ترتیب میں 123456۔

4. اکاؤنٹ ہولڈر کی رجسٹرڈ سم / فون صرف وہی استعمال کرے گا اور وہ تمام ضروری احتیاطی تدابیر اور اقدامات اختیار کرے گا جس سے یقینی بنایا جا سکے کہ یہ غلط استعمال، گم یا چوری نہ ہوں۔ اگر اکاؤنٹ ہولڈر کا رجسٹرڈ فون / سم گم یا چوری ہو جائے تو وہ فوری طور پر اپنے موبائل آپریٹر کو اس فون / سم کو بلاک کرنے کی ہدایت دے گا تاکہ ان کا غلط استعمال نہ ہو۔ اکاؤنٹ ہولڈر فوری طور پر HBL کی کسٹمر سروس کو اپنے بی بی اکاؤنٹ تک رسائی روکنے کے لیے بھی مطلع کرے گا، ایسا نہ کرنے کی صورت میں HBL استعمال کنندہ کو ہونے والے کسی بھی قسم کے (براہِ راست، بالواسطہ یا ضمنی) نقصانات، اخراجات، دعووں (بشمول تیسری پارٹی کے

دعووں) کے لیے ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا۔ پی بی اکاؤنٹ تک رسائی روکنے کے لیے HBL کو دی گئی ہدایات کے وقت کا تعین اور تصدیق HBL کے ذریعے کیا جائے گا اور یہ تعین استعمال کنندہ کے لیے واجب القبول اور حتمی ہو گا۔

5. اگر اکاؤنٹ ہولڈر یہ سمجھتا ہے کہ اس کے پی بی اکاؤنٹ تک رسائی اس کے علم یا رضامندی کے بغیر حاصل کی گئی ہے یا اس کا پن کوڈ دھوکا دہی کے ساتھ استعمال ہوا ہے تو وہ اپنے پی بی اکاؤنٹ کو بلاک کرنے کے لیے فوری طور پر HBL فون بینکنگ سے رابطہ کرے گا۔

6. HBL کو "اکاؤنٹ ہولڈر کی ہدایات" (وضاحت ذیل میں دی گئی ہے) کی آزادانہ طور پر تصدیق کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی اور یہ اس وقت تک موثر ہوں گی جب تک کہ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے انھیں منسوخ کرنے کی ہدایات جاری نہ کر دی جائیں۔ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے دی گئی ایسی ہدایات جو بینکاری حدود سے باہر ہوں ان پر عمل در آمد کو نہ روکنے یا نہ روک سکنے پر HBL پر کسی قسم کی ذمہ داری عائد نہیں ہو گی (حدود کا تعین HBL خود کرے گا)۔

7. اگر اکاؤنٹ ہولڈر کو رجسٹریشن فارم یا کسی اور مراسلت میں HBL کو فراہم کردہ معلومات میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ فوری طور پر HBL کو تحریری طور پر آگاہ کرے گا تا کہ HBL جہاں بھی ممکن ہو اس غلطی کو "معقول کوششوں" کی بنیاد پر دور کر سکے۔

8. پی بی اکاؤنٹ کو چلانے اور سروس سے فائدہ اٹھانے کے لیے اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے تمام ہدایات HBL کے مقرر کردہ طریقہ کے مطابق دی جائیں گی۔ صارف HBL اور / یا اس کے ایجنٹ / سروس پرووائیڈر / تاجر (جنھیں وابستگان) کہا جائے گا) کو فراہم کردہ ادائیگی کی ہدایات کی درستی اور کاملیت کا بھی خود ذمہ دار ہے اور اس کی ہدایات کو پی بی اکاؤنٹ چلانے کے لیے کافی سمجھا جائے گا۔

9. اکاؤنٹ ہولڈر کی ہدایات صرف پی بی اکاؤنٹ کے لیے طے شدہ طریقہ کار کے مطابق صارف کی تصدیق کے بعد ہی موثر ہوں گی۔ ایس ایم ایس چینل کے ذریعے ٹرانزیکشن کی صورت میں HBL کی طرف سے صارف سے کسی بھی ٹرانزیکشن کی ماسوائے کالر لائن آئیڈنٹی فکیشن اور پن کے (صرف بڑی ٹرانزیکشن کی صورت میں) کسی اور تصدیق کی کوئی ذمہ داری نہیں ہو گی۔

10. اکاؤنٹ ہولڈر کی ہدایات کے ذریعے مرتب ہونے والے HBL کے تمام ریکارڈز جن کے ساتھ اکاؤنٹ ہولڈر کی ہدایات بھی درج ہوں (بشمول سروس اور اکاؤنٹ کا استعمال کرتے ہوئے ٹرانزیکشن اور ادائیگی کی درخواست کا وقت) اس ٹرانزیکشن کے حقیقی اور درست ہونے کا حتمی ثبوت ہوں گے۔

11. جب کوئی اکاؤنٹ ہولڈر ادائیگی کی ہدایات مکمل کرتا ہے اور وہ HBL کو موصول ہو جاتی ہیں تو اس ٹرانزیکشن کو طے شدہ اور حتمی سمجھا جائے گا اور اکاؤنٹ ہولڈر اس کے سلسلے میں بعد میں کوئی اعتراض نہیں اٹھا سکتا۔ ایک بار جب اکاؤنٹ ہولڈر کی ہدایات موصول ہو جائیں تو اس ٹرانزیکشن کو بعد میں کسی بھی طرح سے تبدیل یا واپس نہیں کیا جا سکتا ہے۔ HBL کا حق ہو گا لیکن اس کے ذمہ داری نہیں ہو گی کہ اگر مناسب سمجھے تو اکاؤنٹ ہولڈر کی کسی ہدایات پر وضاحت طلب کرے۔

12. HBL کوئی بھی وجہ بتائے بغیر اکاؤنٹ ہولڈر کی ہدایات پر عمل کرنے سے انکار کر سکتا ہے تاہم اکاؤنٹ ہولڈر کی ہدایات میں محتاطی کا جائزہ لینا اس کی ذمہ داری نہیں ہے اور اگر HBL کے پاس یہ یقین کرنے کی کوئی وجہ ہو کہ اکاؤنٹ ہولڈر کی ہدایات براہِ راست یا بالواسطہ نقصان کا باعث بنیں گی یا بن سکتی ہیں یا ایسے پی بی اکاؤنٹ کو چلانے سے پہلے اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے استثنا کی ضرورت ہو تو HBL کو مروجہ طریقہ کار کے تحت اس اکاؤنٹ کی سرگرمیاں معطل کرنے کا حق حاصل ہے۔

13. اکاؤنٹ ہولڈر حلف لیتا اور اتفاق کرتا ہے کہ پی بی اکاؤنٹ اور سروس کو کسی بھی غیر قانونی یا ناجائز مقاصد کے لیے استعمال نہیں کرے گا نہ کسی کو اس کی اجازت دے گا اور پی بی اکاؤنٹس کے سلسلے میں تمام قابلِ اطلاق قوانین اور ضوابط کی پابندی کرے گا۔ اکاؤنٹ ہولڈر کے پی بی اکاؤنٹ سے رقوم کی کسی بھی غیر قانونی منتقلی اور منی لانڈرنگ پر اکاؤنٹ ہولڈر ہی ذمہ دار ٹھہرایا جائے گا۔

حصہ 5: فیس / اخراجات

1. HBL برانچ لیس بینکنگ کی فی الحال کوئی سبسکرپشن فیس نہیں ہے۔ تاہم نیٹ ورک آپریٹر اپنی خدمات کی فراہمی کے لیے فیس کا اطلاق کر سکتا ہے۔

2. بی بی اکاؤنٹ کی خدمات کا استعمال کرتے ہوئے / یا بی بی اکاؤنٹ کے ذریعے ٹرانزیکشن کرتے ہوئے کسٹمر HBL کو اپنے بی بی اکاؤنٹ سے کوئی بھی ٹرانزیکشن فیس ڈیبٹ کرنے کا اختیار دیتا ہے جو کسٹمر تک HBL کے شیڈول آف بینک چارجز کے ذریعے متعارف کروائی گئی ہو۔ یہ شیڈول آف بینک چارجز HBL کے تمام ایجنٹوں اور اس کی ویب سائٹ، www.hbl.com پر بھی دستیاب ہے۔

3. اکاؤنٹ ہولڈر بی بی اکاؤنٹ اور سروسز کے لیے وقتاً فوقتاً HBL کے ذریعے مقرر کردہ چارجز (جن سے کسٹمر کو آگاہ کیا جاتا رہے گا) ادا کرنے پر بھی اتفاق کرتا ہے۔ HBL شیڈول آف چارجز میں وقتاً فوقتاً ترامیم کر سکتا ہے اور کسٹمر کو اس کی اطلاع دی جائے گی۔

حصہ 6: ذمہ داری اور ذمہ داری سے استثنا / صارف کی قبول کردہ ذمہ داریاں

1. بی بی اکاؤنٹ اور سروسز کے ساتھ وابستہ خطرات اور اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے قبول کردہ فرائض اور ذمہ داریوں (اور HBL کی دستبرداری) میں بلا تحدید درج ذیل امور شامل ہیں:

أ) اکاؤنٹ ہولڈر تسلیم کرتا ہے کہ اگر کوئی تیسرا شخص بی بی اکاؤنٹ یا بی بی اکاؤنٹ تک رسائی سے متعلق معلومات تک رسائی حاصل کرتا ہے تو وہ اکاؤنٹ ہولڈر کی ہدایت فراہم کرتے ہوئے فنڈ کی منتقلی انجام دے سکتا ہے۔ اس طرح کے خطرے کو کم کرنے کے لیے اکاؤنٹ ہولڈر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ پن کے استعمال پر لاگو شرائط وضوابط کی ہر وقت پابندی کی جائے۔

ب) الیکٹرونک چینل دھوکا دہی، غلط استعمال، ہیکنگ اور ایسے دیگر اقدامات کا نشانہ بن سکتے ہیں جو HBL کو ادائیگی کی ہدایات کو متاثر کر سکتے ہیں۔ HBL ایسے واقعات کو روکنے کے لیے سکیورٹی فراہم کرنے کا عزم رکھتا ہے تاہم اس طرح کی دھوکا دہی، ہیکنگ اور دیگر اقدامات سے بچاؤ کی کوئی ضمانت نہیں ہو سکتی جو HBL کو ادائیگی کی ہدایات کو متاثر کر سکتے ہیں۔ اگر جعل سازی، ہیکنگ، وائر ٹیپنگ، چوری یا اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے پن کوڈ کے افشا یا ایسے کسی اور اقدام کے ذریعے بی بی اکاؤنٹ تک غیر مجاز رسائی حاصل کر لی جائے تو اس صورت میں ہونے والے کسی بھی نقصان (براہِ راست، بالواسطہ یا نتیجتاً) کا ذمہ دار صرف اکاؤنٹ ہولڈر خود ہو گا اور HBL کسی بھی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہو گا۔

ج) فنڈ ٹرانسفر اور HBL کی جانب سے فراہم کی جانے والی دیگر سروسز کی ٹیکنالوجی موبائل آپریٹر اور / یا HBL اور / یا اس کے وابستگان کے ٹیلی مواصلات نیٹ ورک سے متعلق امور کی وجہ سے متاثر ہو سکتی ہے۔ بی بی اکاؤنٹ اور سروسز کسی قدرتی حوادث، آفاتِ سماوی، قانونی اور / یا قواعد وضوابط کی رکاوٹوں، ٹیلی مواصلات نیٹ ورک میں نقائص، نیٹ ورک کے تعطل، یا HBL کے قابو سے باہر کسی اور وجہ سے معطل یا غیر دستیاب ہو سکتی ہیں۔ بی بی اکاؤنٹ وائرس یا دیگر کرپٹ کوڈ، پروگرام یا میکرو سے بھی متاثر ہو سکتا ہے۔

د) بعض اوقات اکاؤنٹ ہولڈر کی ہدایات کے مطابق فنڈز کی منتقلی اور وابستہ افراد کو ادائیگی کی ٹرانزیکشن درخواست کے مطابق مکمل نہیں ہو سکتی جس کی مختلف وجوہات حصہ بلا تحدید حصہ 6 میں بیان کی گئی ہیں۔ ایسے تمام معاملات میں اکاؤنٹ ہولڈر کسی بھی طرح سے HBL کو ذمہ دار اور / یا جواب دہ نہیں ٹھہرائے گا۔

ہ) اگرچہ HBL اور اس کے وابستگان اکاؤنٹ ہولڈر کی ہدایات پر فوراً عمل کرنے کی کوشش کریں گے تاہم وہ کسی بھی وجہ سے اکاؤنٹ ہولڈر کی ہدایات پر عمل کرنے میں کسی تاخیر بشمول آپریشنل سسٹم کی ناکامی کے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔

و) HBL کسی بھی طرح کے نقصانات کے لیے ذمہ دار نہیں ہو گا، چاہے اس طرح کے نقصانات براہِ راست، بالواسطہ، واقعاتی، نتیجتاً ہوں یا اس سے قطع نظر کہ ایسا کوئی دعویٰ آمدنی میں ہونے والے نقصان، کاروبار میں رکاوٹ یا کسی بھی قسم اور طرح کا ہو اور وہ چاہے صارف کو ہوا ہو یا ذیلی استعمال کنندہ کو یا کسی اور شخص کو۔

ز) بی بی اکاؤنٹ کا غیر قانونی یا غلط استعمال اکاؤنٹ ہولڈر کو مالی ہرجانے کی ادائیگی کا ذمہ دار قرار دے گا جس کا تعین HBL کرے گا اور / یا بی بی اکاؤنٹ کی جزوی یا مکمل معطلی بھی کی جاسکتی ہے۔ اکاؤنٹ ہولڈر کے بی بی اکاؤنٹ کے استعمال سے متعلق کسی بھی ریگولیٹری ادارے کی جانب سے عائد کردہ ہرجانے خالصتاً اکاؤنٹ ہولڈر کے ذمے ہوں گے اور اکاؤنٹ ہولڈر کے بی بی اکاؤنٹ کے استعمال پر HBL کسی بھی طرح سے ذمہ دار نہیں ہو گا، سوائے اس صورت میں جب ایسا جرمانہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے HBL پر غفلت یا جان بوجھ کر بدانتظامی کی وجہ سے عائد کیا گیا ہو۔

ح) HBL الیکٹرونک اسٹیٹمنٹ اور / یا الرٹس کی فراہمی میں تاخیر، یا اس طرح کے الیکٹرونک اسٹیٹمنٹ اور الرٹس میں درج معلومات میں کسی غلطی کے لیے کسی بھی حال میں ذمہ دار یا جوابدہ نہیں ہو گا۔ HBL الرٹس بالکل بھی فراہم نہ کرنے پر بھی ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا۔ نیز یہ واضح کیا جارہا ہے اور سمجھا جا رہا ہے کہ الیکٹرونک اسٹیٹمنٹ اکاؤنٹ ہولڈر کی مخصوص درخواست پر ہی جاری کیے جائیں گے۔

2. اکاؤنٹ ہولڈر HBL پاکستان میں کھلوائے گئے بی بی اکاؤنٹ اور اس کے ذریعے فراہم کردہ خدمات کے نتیجے میں کسی قسم کی ادائیگی، ڈپازٹ یا اکاؤنٹ بیلنس کے لیے پاکستان سے باہر HBL کی کسی برانچ یا دفتر میں دعوے کا حق نہیں رکھتا اور اکاؤنٹ ہولڈر اس قسم کے دعوے کے تمام حقوق سے واضح طور پر دستبردار ہو چکا ہے۔

3. اکاؤنٹ ہولڈر ناقابلِ تنسیخ اور غیر مشروط طور پر HBL کو یہ اختیار دیتا ہے کہ وہ بی بی اکاؤنٹ اور سروسز کے ذریعے اکاؤنٹ ہولڈر کے ذریعے انجام دیے جانے والے بینکاری یا دیگر ٹرانزیکشنز کی انجام دہی کے لیے اس کے تمام بی بی اکاؤنٹس تک رسائی حاصل کرے۔ رسائی کے حق میں یہ بھی شامل ہے کہ HBL خالصتاً اپنی صوابدید پر اکاؤنٹ ہولڈر کے کچھ یا تمام اکاؤنٹس کو اکٹھا یا ضم کردے اور HBL کو واجب الادا رقم بغیر کسی پیشگی اطلاع کے منہا کرلے۔

4. HBL صارف کے ذریعے اپنے بی بی اکاؤنٹ کا استعمال کرتے ہوئے خریدی گئی کسی بھی مصنوعات کا ذمہ دار نہیں ہو گا۔ یہ ٹرانزیکشن بی بی اکاؤنٹ سے خریداری کی رقم اور متعلقہ فیس ڈیبٹ کرنے اور بیچنے والے / تیسرے فرق کے اکاؤنٹ میں خریداری کی رقم جمع کرکے انجام پائے گی۔

5. جعل سازی کی سرگرمی یا کسی اور وجہ سے موصول ہونے والی کسی بھی شکایت کی صورت میں HBL کو بی بی اکاؤنٹ / کسی بھی ٹرانزیکشنز کو معطل کرنے کا حق حاصل ہے۔

6. HBL قوانین اور ضوابط کی تعمیل میں اکاؤنٹ ہولڈر کے ذریعے یا اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے کسی دوسرے بینک کے ذریعے بھیجے گئے کسی بھی ادائیگی کے پیغامات اور دیگر معلومات یا مواصلات کو روک سکتا ہے اور اس کی تفتیش کرسکتا ہے، اور اس عمل میں مزید پوچھ گچھ اور ٹرانزیکشن کو روکنا بھی شامل ہو سکتا ہے۔

7. HBL کو بی بی اکاؤنٹ میں جمع کرائی گئی رقوم کو خالصتاً اپنی صوابدید پر کسی بھی قسم کی سرمایہ کاری کرنے اور بینکاری کے کاروبار میں اپنے بہترین فیصلے کے مطابق استعمال کرنے کا حق حاصل ہے۔

8. کسی جانب داری کے بغیر، ایجنٹ برانچ لیس بینکاری ایجنسی کے معاہدے میں بیان کردہ شرائط وضوابط کے مطابق بی بی اکاؤنٹ چلائے گا۔

9. کسی بھی اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے فراہم کردہ موبائل نمبر یا شناخت کی معلومات غلط، گمراہ کن، نامکمل ہونے یا اکاؤنٹ ہولڈر سے متعلق نہ ہونے کی صورت میں HBL کو ہر اس کارروائی کا حاصل ہے جو وہ مناسب سمجھتا ہے مشمول مگر بلا تحدید بی بی اکاؤنٹ کو معطل یا بند کرنا۔

حصہ 7: بی بی اکاؤنٹ اور / یا سروسز کی بندش / معطلی / خاتمہ

1. HBL کسٹمر کو اطلاع دینے کے بعد کسی بھی وجہ سے بی بی اکاؤنٹ کو بند یا معطل کر سکتا ہے بشمول مگر بلا تحدید:

اَ) اکاؤنٹ ہولڈر اپنا پن کوڈ کسی پر ظاہر کر دیتا ہے یا اس کی رازداری پر سمجھوتا کرتا ہے یا اس کا قومی شناختی کارڈ تصدیق شدہ نہیں ہے۔

ب) اکاؤنٹ ہولڈر ان شرائط وضوابط پر عمل نہیں کرتا ہے۔

ج) ایجنٹ برانچ لیس بینکاری ایجنسی کے معاہدے کی خلاف ورزی کرتا ہے۔

د) اکاؤنٹ ہولڈر سروسز کو غیر قانونی طور پر یا اس انداز میں استعمال کرتا ہے جس کی بینک نے اجازت نہیں دی ہے۔

ہ) اکاؤنٹ کی خوابیدگی کی وجہ سے۔

و) اکاؤنٹ ہولڈر کی موت، دیوالیہ پن یا قانونی اہلیت کا فقدان۔

2. کسٹمر سروسز اور / یا بی بی اکاؤنٹ کو کسی بھی وقت HBL کو تحریری طور پر اور / یا Konnect by HBL فون بینکنگ سے رابطہ کر کے اپنی رضامندی فراہم کرتے ہوئے ختم کر سکتا ہے۔ ان شرائط وضوابط کے تحت بی بی اکاؤنٹ میں موجود کریڈٹ بیلنس HBL کی پالیسی کے مطابق او ٹی پی (ون ٹائم پاس ورڈ) یا بینکار چیک کے ذریعے اکاؤنٹ ہولڈر کو واپس کر دیا جائے گا۔

3. اگر کوئی اکاؤنٹ ہولڈر ان شرائط وضوابط کی پابندی نہیں کرتا یا کوئی بی بی اکاؤنٹ HBL کی رائے میں ناپسندیدہ / غیر اطمینان بخش انداز میں چلایا جاتا ہے اور / یا KYC پالیسی کی شرائط کو پورا نہیں کرتا ہے یا اکاؤنٹ سے متعلق HBL کی دیگر پالیسیوں سے مطابقت نہیں رکھتا تو HBL ایسے بی بی اکاؤنٹ کو بند کرنے کا حق رکھتا ہے۔ HBL کی طرف سے اس حق کے استعمال اور بی بی اکاؤنٹ کی بندش پر اس طرح کے بی بی اکاؤنٹ سے وابستہ کسی بھی ذیلی خدمات / مصنوعات (جیسے ڈیبٹ کارڈ، کریڈٹ کارڈ وغیرہ کو بھی HBL کی جانب سے ختم یا منسوخ کیا جاسکتا ہے۔

4. اگر اکاؤنٹ ہولڈر ان شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کرتا ہے یا بی بی اکاؤنٹ جو HBL کی رائے میں ناپسندیدہ / غیر اطمینان بخش طریقے سے چلتا ہے اور / یا اکاؤنٹ کی دیکھ بھال سے متعلق KYC کی پالیسی کے پیرامیٹرز کو پورا نہیں کرتا تو HBL یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ کسی بھی بی بی اکاؤنٹ کو بند کر دے۔ HBL کے ذریعے اس طرح کے حق کے استعمال اور بی بی اکاؤنٹ کی بندش پر، ایسے بی بی اکاؤنٹ (مثلاً ڈیبٹ کارڈ وغیرہ) سے وابستہ کسی بھی ذیلی سروسز / پروڈکٹس کو HBL کی جانب سے ختم یا منسوخ کیا جاسکتا ہے۔

حصہ 8: ذیلی دفعات

1. اکاؤنٹ ہولڈر کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ اکاؤنٹ سے متعلق / ذاتی معلومات جو سروسز کے لیے استعمال کی گئی ہیں انھیں خفیہ رکھا جائے گا اور اکاؤنٹ ہولڈر ان کا انکشاف نہیں کرے گا جب تک کہ قانون یا کسی عدالت کے ذریعے ایسا کرنا ضروری نہ ہو۔

2. ان شرائط وضوابط کی شقوں کے تحت HBL اس فارم میں فراہم کردہ اکاؤنٹ ہولڈر کا ذاتی ڈیٹا اس کی طرف سے مخصوص، واضح اور پیشگی رضامندی حاصل کرنے کے بعد درج ذیل مارکیٹنگ مواد فراہم کرنے کے لیے اکٹھا، استعمال اور افشا کر سکتا ہے:

3. HBL کے ذریعے HBL کی مصنوعات اور سروسز کے بارے میں بھیجی گئی معلومات، بشمول تازہ ترین پروموشنز اور نئی مصنوعات اور سروسز کے بارے میں تازہ ترین معلومات۔

4. تیسری پارٹیوں کی مصنوعات اور سروسز کے ساتھ الحاق پر HBL کے ذریعے بھیجی گئی معلومات، جیسے ان کی تازہ ترین پروموشنز اور ان کی نئی مصنوعات اور سروسز کے بارے میں اپ ڈیٹس۔

5. یہ معلومات اکاؤنٹ ہولڈر کے ساتھ (الف) ای میل (ب) ٹیکسٹ میسیج (ج) فون کال اور / یا (د) سوشل میڈیا کے ذریعے شیئر کی جاسکتی ہیں۔ براہِ کرم نوٹ کریں کہ ڈیٹا آؤٹ سورس وینڈر کے توسط سے بھی بھیجا جاسکتا ہے اور اس مقصد کے تحت افشا کیے جانے والے ذاتی ڈیٹا کی حاظت کے لیے قانون کے مطابق اقدامات کیے جائیں گے۔ اگر اکاؤنٹ ہولڈر نہیں چاہتا کہ اس کا ذاتی ڈیٹا مارکیٹنگ کے مقصد کے لیے استعمال ہو تو وہ HBL کے کسٹمر سروس نمبر پر کال کرکے ذاتی ڈیٹا کے استعمال اور افشا کے لیے دی گئی اس رضامندی کو واپس لے سکتا ہے۔

6. اکاؤنٹ ہولڈر اس بات سے بھی اتفاق کرتا ہے کہ HBL جہاں ضروری ہو دوسرے اداروں کو ایسی ذاتی معلومات کا افشا کرسکتا ہے بشمول مگر بلا تحدید، کسی بھی ٹیلی مواصلات یا الیکٹرونک کلیئرنگ نیٹ ورک میں شمولیت، کسی قانونی ہدایت کی تعمیل میں، قابلِ اعتبار کریڈٹ اسکورنگ ایجنسیوں کی جانب سے کریڈٹ ریٹنگ کے لیے، آڈٹ کے لیے اور تیسرے فریق کی سروسز کے لیے اور دھوکا دہی کی روک تھام کے لیے۔

7. اکاؤنٹ ہولڈر اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے فراہم کردہ تمام معلومات اور ڈیٹا تمام پہلوؤں سے درست، مکمل اور سچ ہے اور کوئی ایسی ٹھوس معلومات چھپائی نہیں گئی جو HBL کی جانب سے اکاؤنٹ ہولڈر کو بی بی اکاؤنٹ اور سروسز فراہم کرنے کے فیصلے پر اثر انداز ہو۔

8. HBL یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ ایسے کسی درخواست گزار کا بی بی اکاؤنٹ کھولنے یا اس سے کاروباری تعلق رکھنے سے انکار کردے جو FATCA اور CRS سے متعلق معلومات فراہم کرنے کو تیار نہ ہو، اس میں غیر ملکی ٹیکس فارم جمع کروانا بھی شامل ہے۔ HBL کو یہ حق حاصل ہوگا کہ اگر وہ ضروری سمجھے تو اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ کی ذاتی معلومات کو غیر ملکی ریگولیٹرز یا ٹیکس اتھارٹی (یا ان کے نمائندوں یا ایجنٹوں) یا کسی دوسری اتھارٹی پر براہِ راست یا بالواسطہ افشا کردے۔

9. اکاؤنٹ ہولڈر تسلیم کرتا ہے کہ HBL کو فراہم کی جانے والی کوئی یا تمام معلومات بشمول مگر بلا تحدی، د اکاؤنٹ ہولڈر کے متعلق یا کسی دوسرے قابلِ اطلاع اکاؤنٹس کی معلومات بلاواسطہ یا بالواسطہ اس ملک کی ٹیکس اتھارٹی کو فراہم کی جاسکتی ہیں جہاں یہ اکاؤنٹس کھلوائے / چلائے جارہے ہیں اور مالی اکاؤنٹس کی معلومات کے تبادلے کے لیے حکومتوں کے درمیان معاہدوں کے مطابق دوسرے ملکوں کے ٹیکس اداروں کو بھی فراہم کی جاسکتی ہیں۔

10. اکاؤنٹ ہولڈر HBL کو فراہم کردہ اپنی معلومات، اپنے بی بی اکاؤنٹ کے استعمال، اس کی ٹرانزیکشنز کے نتیجے میں یا اس سے متعلق کسی بھی قسم کے مقدمے، تنازع، قضیے، کارروائی کی صورت میں HBL کو پہنچنے والے نقصان، ضرر، واجبات، اخراجات، جرمانے، ہرجانے سے HBL اور اس کے ڈائریکٹرز، افسران، نمائندوں اور ملازمین کو بری الذمہ قرار دیتا ہے۔ تاہم بیان کردہ وجوہات کے برعکس اگر ایسا جرمانہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے HBL پر غفلت یا جان بوجھ کر بدانتظامی کی وجہ سے عائد کیا گیا ہو تو اس صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر HBL کو بری الذمہ قرار دینے کا پابند نہیں ہوگا۔

11. قابلِ اطلاق مقامی قوانین کے تحت اکاؤنٹ ہولڈر HBL اور / یا اس کے وابستگان، ذیلی اداروں (برانچوں سمیت) میں سے کسی کو بھی اکاؤنٹ ہولڈر کے کسی بھی اکاؤنٹ کے متعلق ذاتی معلومات، جہاں ضروری ہو، براہِ راست یا بالواسطہ بیرونِ ملک ریگولیٹرز کے ساتھ شیئر کرنے کا اختیار دیتا ہے تاکہ اکاؤنٹ ہولڈر کی ٹیکس ذمہ داریوں کا تعین ہوسکے۔

12. واحد ملکیت (سول پروپرائٹرشپ) کے معاملے میں اکاؤنٹ ہولڈر یہ توثیق کرتا ہے کہ وہ اس فرم / دکان کا واحد مالک ہے اور بی بی اکاؤنٹ کھولنے اور چلانے کا مجاز ہے۔

13. اگر اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے HBL کو فراہم کردہ کسی معلومات میں کوئی تبدیلی واقع ہوتی ہے تو اکاؤنٹ ہولڈر تیس (30) کیلنڈر دِنوں کے اندر HBL کو مطلع کرے گا۔

14. اکاؤنٹ ہولڈر بی بی اکاؤنٹ کو منی لانڈرنگ اور / یا کسی بھی طرح کی دہشت گردی کی سرگرمی کے لیے استعمال نہیں کرے گا۔

15. اکاؤنٹ ہولڈر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ بی بی اکاؤنٹ میں فنڈز کا ذریعہ غیر قانونی اور / یا خلافِ قانون نہیں ہے۔

16. اکاؤنٹ ہولڈر ان تمام تقاضوں کے مطابق عمل کرے گا جو HBL اسے وقتاً فوقتاً مطلع کرے گا اور اس سلسلے میں HBL کی جانب سے دی جانے والی ہدایات کی پابندی کرے گا۔ اکاؤنٹ ہولڈر وہ تمام معلومات / دستاویزات بشمول حلف نامے، اقرار نامے اور دستخط فارم جو HBL ضروری سمجھتا ہے مقررہ مدت میں HBL کو فراہم کرے گا۔ اگر اکاؤنٹ ہولڈر HBL کی شرائط کی پاسداری میں ناکام رہتا ہے یا کسی بھی وجہ سے کوئی حلف نامہ یا اقرار نامہ فراہم نہ کرسکے یا کسی ضروری فارم پر دستخط نہ کرے تو HBL کو یہ اختیار ہے کہ اس کا بی بی اکاؤنٹ بند کر کے ختم کر دے۔

حصہ 9: اسٹیٹمنٹس / ایس ایم ایس الرٹس

1. اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ای میل، ٹیکسٹ میسیج، وائس میل، آئی وی آر یا دیگر الیکٹرونک ذرائع سے الیکٹرونک اسٹیٹمنٹ اور الرٹس وصول کرنے پر رضامندی کی صورت میں HBL الیکٹرونک اسٹیٹمنٹ اور / یا الرٹس کی فراہمی میں تاخیر، یا اس طرح کے الیکٹرونک اسٹیٹمنٹ اور الرٹس میں درج معلومات میں کسی غلطی کے لیے کسی بھی حال میں ذمہ دار یا جواب دہ نہیں ہوگا۔ HBL الرٹس بالکل بھی فراہم نہ کرنے پر بھی ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا۔

2. اکاؤنٹ ہولڈر واضح طور پر اس بات سے اتفاق کرتا ہے کہ بی بی اکاؤنٹ کا نیم سالانہ اسٹیٹ اکاؤنٹ ہولڈر کو بھیجنے کے لیے HBL ذمہ دار نہیں ہے۔ اکاؤنٹ ہولڈر بی بی چینلز (جیسے موبائل) استعمال کرتے ہوئے کم از کم آخری پانچ (05) ٹرانزیکشنز بلا معاوضہ دیکھ سکتا ہے۔ یہ واضح اور تسلیم کیا جارہا ہے کہ اسٹیٹمنٹ کی الیکٹرونک / ہارڈ کاپی، جو 12 مہینوں سے زیادہ کی نہیں ہوسکتی، صرف HBL فون بینکنگ کو اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے درخواست موصول ہونے پر فراہم کی جائے گی جس کی فیس شیڈول آف بینک چارجز کے مطابق وصول کی جائے گی۔

حصہ 10: ترامیم

HBL وقتاً فوقتاً خالصتاً اپنی صوابدید پر ان شرائط وضوابط اور سروسز میں ترمیم کرسکتا ہے جس کا 30 دن پہلے نوٹس کسی بھی الیکٹرونک چینل یعنی ویب سائٹ، ای میل یا اکاؤنٹ ہولڈر کے رجسٹرڈ نمبر پر ٹیکسٹ میسیج کے ذریعے بھیجا جائے گا۔ HBL کی موجودہ یا نئی متعارف کروائی جانے والی سروس کا استعمال جاری رکھنے پر یہ سمجھا جائے گا کہ اکاؤنٹ ہولڈر نے ترمیم شدہ شرائط وضوابط کو قبول کر لیا ہے۔

حصہ 11: دستبرداری، سپردگی اور تفویض

1. HBL کی اپنے حقوق کے نفاذ میں کسی قسم کی ناکامی اس طرح کے حقوق سے دست برداری تصور نہیں کی جائے گی۔

2. اکاؤنٹ ہولڈر اپنے کسی بھی طرح کے حقوق اور ذمہ داریوں کو HBL کی واضح اور پیشگی رضامندی کے بغیر کسی بھی دوسرے فرد یا ادارے کو منتقل، سپرد یا تفویض نہیں کر سکتا۔

حصہ 12: اکاؤنٹ کا غیر فعال / دوبارہ فعال ہونا

1. ایسے بی بی اکاؤنٹس جو بارہ (12) ماہ تک غیر فعال رہتے ہیں انھیں غیر فعال / خوابیدہ قرار دے دیا جائے گا۔ ایسے کھاتوں میں کریڈٹ ٹرانزیکشنز کی اجازت ہوگی۔ HBL کو ایسے بی بی اکاؤنٹس میں ڈیبٹ ٹرانزیکشنز کی اجازت دینے کا بھی حق حاصل ہے جبکہ بی بی اکاؤنٹس غیر فعال / خوابیدہ رہیں۔ تاہم، قرضوں کی وصولی اور مارک اپ وغیرہ کے ڈیبٹ، کسی بھی قابلِ اجازت چارجز، سرکاری ٹیکس یا عائد محصولات اور کسی قانون کے تحت یا عدالت سے جاری کردہ ہدایات اور / یا HBL کے ذریعے قابلِ وصول رقم پر ڈیبٹ ٹرانزیکشن یا پیسے نکلوانے کی پابندی عائد نہیں ہوگی۔

2. اگر کوئی بی بی اکاؤنٹ بغیر کسی کریڈٹ بیلنس کے چوبیس (24) ماہ کے لیے غیر فعال رہتا ہے تو HBL اس طرح کے کھاتے کو اکاؤنٹ ہولڈر کو پیشگی اطلاع دے کر بند کرنے کا حق رکھتا ہے۔

3. اکاؤنٹ ہولڈر مطلوبہ تصدیقیں اور بایومیٹرک ویری فکیشن فراہم کرنے کے بعد دستیاب چینلز کے مطابق (یعنی HBL فون بینکاری، ایجنٹ وغیرہ) کے مطابق اپنے غیر فعال بی بی اکاؤنٹ کو دوبارہ فعال کر سکے گا۔ بی بی اکاؤنٹ دوبارہ فعال کرنے کے لیے اکاؤنٹ ہولڈر کو اس میں کوئی مالی ٹرانزیکشن کرنا لازمی ہو گی۔

حصہ 13: شکایت / فراڈ / کسٹمر پروٹیکشن

1. اگر اکاؤنٹ ہولڈر سمجھتا ہے کہ وہ برانچ لیس بینکنگ فراڈ کا شکار ہوا ہے تو اسے جیسے ہی اس بات کا علم ہو کہ اس کے بی بی اکاؤنٹ میں کوئی مشتبہ ٹرانزیکشن ہوئی ہے تو وہ اس معاملے کی فوری طور پر HBL برانچ لیس بینکنگ کو اطلاع کرے اور دھوکا دہی یا شکایت کا اندراج کرائے۔

2. اکاؤنٹ ہولڈر کو ہونے والے کسی بھی نقصان کی صورت میں اسے تفتیش میں HBL اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تعاون کرنا ہو گا۔ HBL برانچ لیس بینکاری فراڈ کے تمام رپورٹ شدہ معاملات کی تحقیق کرے گا اور اکاؤنٹ ہولڈر کو ممکنہ حل فراہم کیا جائے گا۔

3. صارف کی جانب سے دھوکا دہی، لاپروائی اور بدانتظامی کے علاوہ ایجنٹ کی کسی غلطی کے لیے صارف ذمہ دار نہیں ہو گا، بشرطیکہ کسٹمر HBL کے مقررہ طریقہ عمل کی اور HBL کی تفتیش اور تنازعات کے حل کے طریقہ کار کی پابندی کرے۔ HBL، اس کے ملازمین، ڈائریکٹرز، نمائندے یا اس کے وابستگان کسی بھی طرح ذمہ دار یا جواب دہ نہیں ہوں گے اگر صارف مقررہ طریقہ کار کی پابندی نہیں کرتا، جیسے صارف کی جانب سے پن کوڈ کا افشا، بھول جانا، بشمول مگر بلا تحدید ایجنٹ کی جانب سے کوئی غلطی یا فراڈ، صارف کی کسی غلطی کی وجہ سے کوئی غلط، نامکمل یا ناقص ٹرانزیکشن انجام پائی ہو۔

حصہ 13.1: شکایات کا حل

1. بینک یہ بات یقینی بنائے گا کہ کسٹمر کی موصولہ شکایات مقررہ عرصے کے اندر پروسیس کی جائیں۔

2. تمام مندرجہ شکایات کی وصولی کی تصدیق کے طور پر ایک نیا شکایت نمبر فراہم کیا جائے گا۔

3. شکایت کے اندراج کے وقت، HBL کی جانب سے کسٹمر کو شکایت کا نمبر اور اس کے ازالے کے لیے وقت کا تخمینہ بتاتے ہوئے شکایت کی وصولی کی تصدیق کرے گا۔

حصہ 14: شکایات کے اندراج کے طریقے

HBL کوشش کرے گا کہ اکاؤنٹ ہولڈر کی تمام شکایات کی وصولی کے 24 گھنٹوں کے اندر اس پر کارروائی شروع کرے۔ شکایت کی وولی کا توثیقی پیغام اور اس کے حل کی ممکنہ مدت کے متعلق اکاؤنٹ ہولڈر کو آگاہ کیا جائے گا۔ (رابطے کے چینل کا استعمال HBL کی صوابدید پر ہو گا۔) اگر HBL فون بینکنگ میں شکایت (شکایات) درج کروائی گئی ہیں تو فون بینکنگ افسر اس کے ازالے کا تخمینی وقت بتائے گا۔ HBL شکایت (شکایات) کی تحقیقات کرے گا اور کوشش کرے گا کہ شکایت درج کرنے کی تاریخ سے پندرہ (15) کاروباری دنوں میں اکاؤنٹ ہولڈر کو اس کا جواب فراہم کر دیا جائے۔

حصہ 15: پتے کی تبدیلی

HBL کو فراہم کردہ اکاؤنٹ ہولڈر کے پتے، آئین یا کسی بھی دیگر کوائف میں تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر HBL کو تحریری طور پر / HBL فون بینکنگ کے ذریعے آگاہ کرنا چاہیے۔ اکاؤنٹ ہولڈر کے ذریعے HBL کو بھیجے گئے مراسلے کی کسی تاخیر یا عدم فراہمی کے لیے ذمہ دار اور جواب دہ نہیں ہو گا۔

حصہ 16: متفرقات

1. ان شرائط وضوابط میں سے ہر ایک شق منفرد اور دوسری شقوں سے الگ ہے۔ ان شرائط وضوابط میں سے کسی شق کا غیر موثر یا نا قابلِ نفاذ ہونا ان شرائط وضوابط کی باقی ماندہ شقوں کے نفاذ کو متاثر نہیں کرے گا۔

2. یہ شرائط وضوابط (بشمول پیمنٹ شیڈول) اور اکاؤنٹ ہولڈر کی دیگر تمام دستاویزات جو برانچ لیس بینکنگ سے متعلق / منسلک / ضمنی ہیں، بی بی اکاؤنٹ اور سروسز کے سلسلے میں HBL اور اکاؤنٹ ہولڈر کے درمیان پورے معاہدے کو تشکیل دیتی ہیں۔

3. اصطلاح "HBL" اور "کسٹمر" میں جہاں بھی سیاق وسباق اجازت دیتا ہے، ان کے ذیلی استفادہ کنندگان، قانونی ورثا، منتظمین اور نمائندے بھی شامل ہوں گے۔

4. یہ شرائط وضوابط پاکستان کے قوانین کے تابع ہوں گی۔

حصہ 17: انوائٹ اینڈ اَرن فیچر

1. صارف Konnect ایپ کو اپنے اس موبائل فون کی کنٹیکٹ لسٹ تک رسائی کی اجازت دے گا جس پر Konnect ایپ انسٹال کی گئی ہے۔ صارف اپنی کنٹیکٹ لسٹ میں سے کسی بھی کنٹیکٹ کو Konnect ایپ ڈاؤن لوڈ اور انسٹال کرنے کے لیے اینوِٹیشن ("انوائٹس") بھیجنے کا انتخاب کر سکتا ہے (ایسے کنٹیکٹ کو "انوائٹی" کہا جائے گا)۔ ہر ٹرانزیکشن میں بیس انوائٹس کی حد مقرر ہے۔

2. اگر صارف کا کوئی انوائٹی اس کی دعوت پر Konnect ایپ انسٹال، رجسٹر کرتا ہے اور اس میں کم از کم مطلوبہ رقم کی اہل ٹرانزیکشن مکمل کرتا ہے (رقم کا تعین HBL خالصتاً اپنی صوابدید پر کرے گا جس کی صارف کو تحریری اطلاع دی جائے گی اور جس میں وقتاً فوقتاً HBL کی جانب سے ترمیم کی جاسکتی ہے) تو اس صورت میں صارف کریڈٹ انعام کا حق دار ہوگا (رقم کا تعین HBL خالصتاً اپنی صوابدید پر کرے گا جس کی صارف کو تحریری اطلاع دی جائے گی اور جس میں وقتاً فوقتاً HBL کی جانب سے ترمیم کی جاسکتی ہے)۔ یہ کریڈٹ فوری طور پر صارف کے Konnect ایپ کے والٹ میں جمع ہو جائے گا۔ اسے کیش بیک انسنٹیو کہا جائے گا۔

3. Konnect ایپ پر کامیابی سے مکمل کی جانے والی درج ذیل ٹرانزیکشنز اہل ٹرانزیکشنز سمجھی جائیں گی:

- موبائل بیلنس ری چارج کروانا
- کوئی ادائیگی کرنا (زکوۃ، چندہ، سرکاری ادائیگیاں)
- بِل کی ادائیگی
- انشورنس کی خریداری
- سبسکرپشن پیکیج کی خریداری / تجدید / ادائیگی (جن کی تفصیل حصہ 18 میں دی گئی ہے) اور
- "لائف اسٹائل پیمنٹس" (ان شرائط وضوابط میں تصریح کی غرض سے "لائف اسٹائل پیمنٹس" کا مطلب Konnect ایپ پر مرچنٹ انٹگریشن کی بنیاد پر کسٹمر کو پیش کی جانے والی خدمات اور مصنوعات ہیں)۔

4. انوائٹ لنک صرف مخصوص دنوں تک کارآمد ہوگا (جس کا تعین HBL انوائٹ کے آغاز پر کرے گا اور جس پر HBL خالصتاً اپنی صوابدید پر وقتاً فوقتاً نظر ثانی کر سکتا ہے)۔ اس کا مطلب ہے کہ انوائٹی کو انوائٹ موصول ہونے کے بعد مقررہ مدت میں (جس کا تعین حصہ 17 کی شق 2 میں کیا گیا ہے) Konnect ایپ اپنے موبائل پر انسٹال، رجسٹریشن اور اس میں اہل ٹرانزیکشن مکمل کرنی ہوگی۔

5. انوائٹ لنک غیر معینہ مدت تک فعال رہے گا اور انوائٹی اس لنک کا استعمال کرتے ہوئے Konnect ایپ ڈاؤن لوڈ کر سکے گا لیکن کیش بیک صرف انوائٹ کے 7 دن کے اندر ہی حاصل کیا جا سکے گا۔

6. کیش بیک انسنٹیو صارف کے Konnect ایپ والیٹ میں فوری طور پر جمع ہو جائے گا۔

7. انوائٹ بھیجنے کا انتخاب کرنے پر HBL کسٹمر کی جانب سے منتخب شدہ انوائٹیز کو ایس ایم ایس سے اطلاع بھیجے گا۔

8. ایس ایم ایس میں کسٹمر اور انوائٹی کے نام اور Konnect ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے فعال لنک شامل ہو گا جو ہر کسٹمر اور انوائٹی کے لیے منفرد ہوتا ہے۔

9. کیش بیک انسنٹیو ہر انوائٹی جس نے رجسٹریشن اور کامیابی کے ساتھ اہل ٹرانزیکشن مکمل کر لی ہو صرف ایک بار وصول کیا جا سکتا ہے۔

10. HBL وقتاً فوقتاً صارف کو نئے انوائٹی کو Konnect ایپ پر مدعو کرنے کے لیے نئے اور / یا اضافی فوائد کی پیش کش کر سکتا ہے ("انوائٹ اینڈ ارن کمپین")۔ یہ فوائد کیش بیک کریڈٹ، ڈسکاؤنٹ واؤچر یا مفت ٹرانزیکشن کی صورت میں ہو سکتی ہیں اور HBL خالصتاً اپنی صوابدید پر کسی بھی فوائد کی قسم، مقدار، شرائط، پابندیوں اور اہلیت کی ضروریات کو مقرر یا تبدیل کر سکتا ہے۔ ان مہمات اور سروسز کو HBL کی جانب سے کسی بھی وقت HBL کی اپنی صوابدید پر منسوخ کیا جا سکتا ہے۔

حصہ 18: Konnect ایپ کے ذریعے Konnect پیکیجز کی خریداری

1. HBL وقتاً فوقتاً HBL کی اپنی صوابدید پر، صارفین کو Konnect ایپ کا استعمال کر کے سبسکرپشن بنڈل خریدنے کا موقع فراہم کر سکتا ہے۔ **"سبسکرپشن بنڈل"** Konnect ایپ پر HBL کی کوئی بھی پیش کش ہو سکتی ہے جس میں کسٹمر (1) رعایتی قیمت پر HBL سے کچھ سروسز حاصل کر سکتا ہے اور / یا (2) تیسری پارٹی کے فروخت کنندگان کی جانب سے رعایتی قیمت پر سروسز یا کوئی سامان خرید سکتا ہے۔

2. HBL وقتاً فوقتاً خالصتاً اپنی صوابدید پر کسٹمرز کو Konnect ایپ پر HBL اور / یا تیسری پارٹی کی سروسز یا سامان کے پیکیج یا ڈیل خریدنے کا موقع بھی فراہم کر سکتا ہے۔ Konnect ایپ پر خریداری کے لیے دستیاب سبسکرپشن بنڈلز اور پیکیجز کو اس کے بعد **"Konnect پیکیجز"** کہا جائے گا۔

3. HBL اور Konnect ایپ خریدے گئے سبسکرپشن بنڈلز کے لیے رقم کی واپسی یا بنڈل کی تبدیلی کی سہولت فراہم نہیں کریں گے۔

4. کسٹمر کسی بھی مرحلے میں قابلِ اطلاق قوانین اور ضوابط میں مقررہ ماہانہ ٹرانزیکشن کی حد سے تجاوز نہیں کر سکتا ہے۔

5. پیکیج کی میعاد ہر پیش کش میں مقررہ وقت کے مطابق مختلف ہو گی۔

6. ایسی صورت میں جب کسٹمر کوئی Konnect پیکیج خریدتا ہے اور اس دوران میں (لیکن اس سے پہلے کہ موجودہ Konnect پیکیج کو مکمل طور پر استعمال کیا جا چکا ہو)، HBL اس Konnect پیکیج کو اپ گریڈ خصوصیات کے ساتھ پیش کرتا ہے، تب بھی کسٹمر اس Konnect پیکیج کی انھی خصوصیات تک ہی محدود ہو گا جو اپ گریڈ سے پہلے تھیں۔

حصہ 19: اکاؤنٹ کی لنکنگ

1. کسٹمر کا رجسٹرڈ Konnect ایپ اکاؤنٹ نمبر کسٹمر کے HBL برانچ اکاؤنٹ کے رابطہ نمبر جیسا ہی ہونا چاہیے جو بایو میٹرک تصدیق شدہ ہو۔

2. کسٹمر کے HBL برانچ اکاؤنٹ اور Konnect ایپ اکاؤنٹ میں ایک ہی CNIC رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے۔

3. کسی بھی غیر مجاز استعمال یا دھوکا دہی کو روکنے کے لیے کسٹمر اپنی ذاتی اور لاگ ان معلومات کی حفاظت کا خود ذمہ دار ہوگا۔

4. کسٹمر اپنے Konnect اور HBL اکاؤنٹ کے درمیان رقوم کی منتقلی کے لیے رضامندی کا اظہار کرتا ہے۔

حصہ 20: اکاؤنٹ اپ گریڈنگ

1. اکاؤنٹ کو اپ گریڈ کرنے کا مطلب ہے Konnect L0 اکاؤنٹ سے Konnect L1 اکاؤنٹ میں ٹرانزیکشن کی زیادہ حد کے ساتھ منتقلی۔ تفصیلی حدود شیڈول آف بینک چارجز میں درج ہیں۔

2. آپ Konnect ایجنٹ، HBL اے ٹی ایم یا Konnect موبائل ایپ کے ذریعے اکاؤنٹ اپ گریڈ کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

3. اپنے اکاؤنٹ کو اپ گریڈ کرنے کے لیے آپ کو بایو میٹرک تصدیق کی ضرورت ہوگی۔

4. اگر آپ پہلے ہی اپنی بایو میٹرک تصدیق کرواچکے ہیں لیکن اپنے اکاؤنٹ کو اپ گریڈ نہیں کیا ہے تو آپ کو دوبارہ بایو میٹرک انجام دینے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

5. مذکورہ منظر نامے کے مطابق آپ خود بھی Konnect ایپ کے ذریعے اکاؤنٹ اپ گریڈ کی درخواست دے سکتے ہیں۔

حصہ 21: ٹچ / فیس آئی ڈی

1. Konnect ایپ پر ٹچ / فیس آئی ڈی کی خصوصیت HBL کی جانب سے Konnect ایپ پر پیش کیا جانے والا ایک فیچر (''ٹچ آئی ڈی'') ہے جو کسٹمر کو اپنا یوزر نیم اور پاس ورڈ داخل کرنے کی بجائے محفوظ طریقے سے لاگ ان کرنے کے لیے اپنے فنگر پرنٹ یا فیس ان لاکنگ کی سہولت فراہم کرتا ہے۔

2. اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ ٹچ آئی ڈی صحیح طور پر استعمال ہو، کسٹمر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ اس کے موبائل پر ٹچ آئی ڈی کا فنکشن فعال ہو تاکہ وہ Konnect ایپ کے لیے استعمال ہو سکے۔

3. آپ کا یوزر نیم اور پاس ورڈ اس موبائل فون پر محفوظ نہیں ہونا چاہیے جس پر آپ ٹچ آئی ڈی استعمال کرتے ہیں کیونکہ اس صورت میں ٹچ آئی ڈی کو فعال کرنے پر اس موبائل پر اندراج شدہ فنگر پرنٹ رکھنے والے ہر فرد کو آپ کے Konnect اکاؤنٹ تک رسائی حاصل ہوگی اور وہ Konnect ایپ کے ذریعے ٹرانزیکشنز کرنے کا مجاز ہوگا۔

4. HBL موبائل فون پر اندراج شدہ فنگر پرنٹس کا باقاعدگی سے جائزہ لینے کی تجویز پیش کرتا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ کوئی بھی غیر مجاز شخص Konnect ایپ میں دستیاب ذاتی اور مالی معلومات تک رسائی حاصل نہ کر سکے۔

5. فنگر پرنٹ صرف آپ کے موبائل ڈیوائس پر اسٹور کیے جاتے ہیں اور Konnect ایپ آپ کی فنگر پرنٹ کی توثیق کے دوران نہ انھیں دیکھتی ہے اور نہ اسٹور کرتی ہے۔

6. اپنے موبائل فون کی حفاظت کے ذمہ دار آپ خود ہیں۔

7. کسٹمر کی جانب سے ٹچ آئی ڈی کے استعمال کو ان شرائط وضوابط کو تسلیم کیا جانا اور قبول کرنا سمجھا جائے گا۔

8. آپ ٹچ آئی ڈی کے ذریعے انجام دی جانے والی تمام رقوم کی منتقلی اور / یا ٹرانزیکشنز کے خود ذمہ دار ہیں اور کسی بھی غلطی کے لیے HBL کو ذمہ دار نہ ٹھہرانے پر اتفاق کرتے ہیں۔

9. فریقین یہ اتفاق کرتے ہیں کہ Konnect ایپ پر ٹچ آئی ڈی فیچر کے لیے استعمال کیا جانے والا موبائل ڈیوائس کا فنگر پرنٹ تصدیقی ماڈیول HBL کے ذریعے فراہم نہیں کیا گیا ہے اور HBL کسی بھی اجازت یافتہ موبائل ڈیوائس کے کسٹمر کے فنگر پرنٹ کی توثیق کرنے والے فنکشن کی سیکیورٹی کی نہ نمائندگی کرتا ہے اور نہ ضمانت دیتا ہے اور / یا آیا یہ اس طریقے سے کام کرتا ہے جس طرح ڈیوائس تیار کرنے والی کمپنی دعویٰ کرتی ہے۔

حصہ 22:Konnect لائف اسٹائل

فریقین "شرائط و ضوابط برائے Konnect لائف اسٹائل" کو مجموعی شرائط و ضوابط کے لازمی حصے کے طور پر تسلیم، قبول اور اس کی پابندی پر اتفاق کرتے ہیں۔ یہ شرائط و ضوابط دونوں فریقوں پر لاگو ہوں گی۔ شرائط و ضوابط برائے Konnect لائف اسٹائل اور مجموعی شرائط و ضوابط میں کسی قسم کے تنازع یا عدم مطابقت کی صورت میں اس تنازع یا عدم مطابقت کی حد تک مجموعی شرائط و ضوابط غالب رہیں گی۔

1. معاہدے کی قبولیت

آپ اتفاق کرتے ہیں Konnect لائف اسٹائل کا استعمال کر کے آپ نے ان شرائط و ضوابط کو قبول کیا ہے اور اس معاہدے پر آپ کے کسی تحریری دستخط کی ضرورت نہیں ہے۔ SMS کے ذریعے آپ کو بھیجا گیا OTP استعمال کر کے آپ اس معاہدے کو قبول کرتے ہیں۔ جب بھی کوئی ادائیگی یا دستیاب خدمت سے آپ کے اکاؤنٹ میں کوئی چارجز واجب الادا ہوں تو آپ اتفاق کرتے ہیں کہ ہم ان چارجز کے لیے آپ کے دستخط اور پیشگی اطلاع کے بغیر آپ کے اکاؤنٹ کو ڈیبٹ کر لیں۔

2. شرائط / فیسوں میں تبدیلی

ہم ڈائریکٹ ٹرانسفر اور اس کی فیس اور شرائط و ضوابط میں کسی بھی وقت کوئی تبدیلی کر سکتے ہیں۔ ہم قابلِ اطلاق قوانین کے مطابق اس تبدیلی کی اطلاع آپ کو بذریعہ ای میل، خط، یا ایپ کے کسٹمر سروس ایریا میں الیکٹرونک میسیج کے ذریعے فراہم کریں گے۔ آپ اتفاق کرتے ہیں کہ ڈائریکٹ ٹرانسفر کے سروس کا استعمال جاری رکھنے پر آپ ان تبدیلیوں کو قبول کرتے ہیں۔

3. ذاتی معلومات کی فراہمی

آپ اتفاق کرتے ہیں کہ درخواست کے مطابق اپنی سچی، درست، حالیہ اور مکمل معلومات فراہم کریں گے اور آپ اپنی شناخت کو غلط انداز میں پیش نہ کرنے پر بھی متفق ہیں۔

4. ٹرانزیکشن کی معلومات

Konnect لائف اسٹائل کے ذریعے مرچنٹ ٹرانزیکشن کی سرگرمیوں کو دیکھ سکتے ہیں جن میں پچھلے کاروباری دن کے کاروبار کے بند ہونے کی حالیہ ٹرانزیکشنز اور ڈائریکٹ ٹرانسفر پیمنٹ سروس کی ٹرانزیکشنز شامل ہیں۔

5. لنکڈ اکاؤنٹس

آپ کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کے نمبر کے ذریعے تمام HBL بینک اکاؤنٹس جن کے لیے آپ کو مناسب حقوق حاصل ہیں، وہ خود بخود لنک ہو سکتے ہیں۔ ہر مالک اور مجاز نمائندہ تمام منسلک اکاؤنٹس میں ٹرانزیکشنز کر سکے گا۔

6. ایک سے زیادہ افراد کے ذریعے قابلِ رسائی اکاؤنٹس

اگر آپ کا اکاؤنٹ / اکاؤنٹس ایک سے زیادہ افراد کی ملکیت ہے یا ایک یا ایک سے زیادہ مجاز نمائندوں کے ذریعے قابلِ رسائی ہے تو ہر مالک یا مجاز نمائندہ انفرادی طور پر براہِ راست منتقلی ادائیگی سروس کے ذریعے ادائیگی کا آغاز کر سکتا ہے۔ اس معاہدے کی شرائط ہر فرد پر لاگو ہوں گی۔

7. **براہِ راست منتقلی کے لیے ٹیکسٹ میسیج کا استعمال**

آپ کے وائرلیس کیریئر کے معیاری پیغام رسانی کی شرح آپ کے اندراج یا جمع کرانے والے پیغام، ہماری تصدیق اور اس کے بعد کے تمام ٹیکسٹ پیغام (یا ایس ایم ایس) کی خط و کتابت پر لاگو ہوتی ہے۔ ہم کسی بھی مواد کے لیے چارج نہیں کرتے۔ تاہم، ڈاؤن لوڈ کے قابلِ مواد آپ کے وائرلیس کیریئر سے اضافی چارجز کا سزاوار ہو سکتا ہے۔ براہِ کرم اپنے میسیجنگ پلان کے بارے میں معلومات کے لیے اپنے وائرلیس کیریئر سے رابطہ کریں۔ آپ کا کیریئر آپ کے اکاؤنٹ پر پیغام عائد کر سکتا ہے یا چارجز کی حدود ڈال سکتا ہے جو ہمارے کنٹرول سے باہر ہیں۔ آپ کے وائرلیس کیریئر کے ذریعے تمام چارجز کو بل کیا جاتا ہے اور انھیں ادا کیا جاتا ہے۔

آپ نمائندگی کرتے ہیں کہ آپ وائرلیس ڈیوائس کے مالک، یا مجاز استعمال کنندہ ہیں جسے Konnect by HBL سبسکرائب کرنے کے لیے آپ استعمال کرتے ہیں اور یہ کہ آپ قابلِ اطلاق چارجز کو منظور کرنے کے مجاز ہیں۔

ہم آپ کے کسی بھی ٹیکسٹ میسیج کی وصولی میں کسی تاخیر یا ناکامی کے لیے ذمہ دار نہیں ہوں گے کیوں کہ ڈیلیوری آپ کے موبائل ڈیوائس کے ذریعے آپ کے نیٹ ورک آپریٹر سے موثر ٹرانسمیشن اور پروسیسنگ سے مشروط ہے۔ ایس ایم ایس میسیج سروسز، دستیابی کی بنیاد پر فراہم کی جاتی ہیں۔

اس ٹیکسٹ میسیجنگ سروس کے سلسلے میں آپ سے حاصل کردہ معلومات میں آپ کا موبائل فون نمبر، آپ کے کیریئر کا نام اور آپ کے پیغامات کی تاریخ، وقت اور مواد اور دیگر معلومات جو آپ فراہم کر سکتے ہیں، شامل ہو سکتی ہیں۔ ہم اس معلومات کو آپ سے رابطہ کرنے اور وہ معلومات فراہم کرنے کے لیے جس کی آپ نے ہم سے درخواست کی ہو اور Konnect by HBL کو چلانے، تیار کرنے اور بہتر بنانے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ کا وائرلیس کیریئر اور دیگر سروسز فراہم کرنے والے آپ کے ایس ایم ایس کے استعمال سے بھی معلومات اکٹھا کر سکتے ہیں، اور ان کے طریقۂ کار ان کی اپنی پالیسیوں کے تحت چلتے ہیں۔ ہم صرف ان معلومات کا استعمال کریں گے جو آپ Konnect by HBL کو اپنے ٹیکسٹ میسیج ارسال کرنے کے لیے فراہم کرتے ہیں یا دوسری صورت میں اس دستاویز میں بیان کردہ ہیں۔ اس کے باوجود، ہم یہ حق ہر وقت محفوظ رکھتے ہیں کہ کسی قانون، ضابطے کو مطمئن کرنے یا سرکاری درخواست پر، ذمہ داری سے بچنے کے لیے یا اپنے حقوق یا املاک کے تحفظ کے لیے ضروری معلومات کو افشا کر سکتے ہیں۔ جب آن لائن فارم مکمل کرتے ہیں یا دوسری صورت میں Konnect by HBL کے سلسلے میں ہمیں معلومات فراہم کرتے ہیں تو آپ درست، مکمل اور صحیح معلومات فراہم کرنے پر متفق ہو جاتے ہیں۔ ہمارے پاس وقتاً فوقتاً چارجز اور / یا ان شرائط و ضوابط میں تبدیلی کرنے کا حق محفوظ ہے۔ اگر ہمیں اس بات کا یقین ہو جائے کہ آپ ہماری شرائط و ضوابط کی خلاف ورزی کر رہے ہیں تو ہم آپ سے Konnect by HBL کو معطل یا ختم کر سکتے ہیں۔ اس صورت میں کہ آپ کی وائرلیس سروس lapses ہونے سے مشروط ہے۔ ہم کسی بھی وقت Konnect by HBL بند کر سکتے ہیں۔

8. **وارنٹیز کا استثنا**

Konnect by HBL اور متعلق دستاویز کسی بھی قسم کی وارنٹی کے بغیر، چاہے بیان شدہ یا دلالت شدہ، بشمول لیکن تجارتی طور پر قابلِ تسلیم کو الٹی کی دلالت شدہ وارنٹیز اور ایک خاص مقصد کے لیے فٹنس تک محدود نہیں، ''جیسی ہیں'' فراہم کی گئی ہیں۔

9. **تیسرے فریق کو اکاؤنٹ کی معلومات کا انکشاف**

ہماری عام پالیسی ہے کہ آپ کے اکاؤنٹ کی معلومات کو خفیہ سمجھا جائے۔ تاہم، ہم تیسرے فریق کو آپ کے آپ کے اکاؤنٹ کے بارے میں یا ان ٹرانزیکشنز کے بارے میں معلومات کا انکشاف کریں گے جو آپ صرف مندرجہ ذیل حالات میں کرتے ہیں:

أ) جہاں ٹرانزیکشنز کو مکمل کرنے کے لیے ضروری ہے؛

ب) جہاں اضافی سروسز کو ایکٹیویٹ کرنے کے لیے ضروری ہے؛

ج) کسی تیسری پارٹی کو اپنے اکاؤنٹ کے وجود اور حالت کی تصدیق کرنے کے لیے، جیسے کہ کریڈٹ بیورو یا مرچنٹ

د) صرف تحقیق کے مقاصد کے لیے کنزیومر رپورٹنگ ایجنسی کو؛

ہ) کسی سرکاری ایجنسی یا عدالت کے احکامات کی تعمیل کرنے کے لیے؛ یا،

و) اگر آپ ہمیں اپنی تحریری اجازت دیں۔

10. تبدیلی اور ترامیم

ان شرائط، قابلِ اطلاق فیسوں اور سروس چارجز میں Konnect by HBL کے ذریعے وقتاً فوقتاً تبدیلی اور ترمیم کی جاسکتی ہیں۔ اس صورت میں ہم آپ کو Konnect by HBL کی جانب سے استعمال کیے جانے والے کسی بھی اور تمام اطلاعی ذرائع سے نوٹس فراہم کریں گے۔ ان میں سوشل میڈیا، ویب سائٹ، SMS، ای میل اور دیگر شامل ہیں تاہم یہ فہرست حتمی نہیں۔

ہماری جانب سے تبدیلی کا نوٹس فراہم کرنے کے بعد، Konnect لائف اسٹائل کا کوئی بھی استعمال، اس طرح کی تبدیلی / تبدیلیوں سے آپ کے معاہدے کا تعین کرے گا۔ مزید یہ کہ، Konnect by HBL وقتاً فوقتاً ایپلی کیشنز، سروسز اور / یا متعلقہ مواد پر نظر ثانی یا اپ ڈیٹ کرسکتا ہے، جو اس طرح کے تمام سابقہ ورژنز کو متروک کرسکتا ہے۔ اس کے نتیجے میں، Konnect by HBL ان شرائط کو ختم کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے جیسے کہ ایپلی کیشنز، سروسز اور / یا متعلقہ مواد کے ایسے تمام سابقہ ورژنز اور صرف Konnect by HBL کے حالیہ اپ ڈیٹس تک محدود رسائی۔ اس کے علاوہ، HBL کے براہِ راست منتقلی کے ایک حصے کے طور پر، آپ الیکٹرونک طریقۂ کار کے ذریعے قانونی طور پر درکار تمام اطلاعات وصول کرنے پر متفق ہیں۔

11. بینکنگ تبدیلیوں کا پتا

اس بات کو یقینی بنانا صرف آپ کی ذمہ داری ہے کہ بینک کے پاس موجود رابطے کی معلومات موجودہ اور درست ہیں۔ ان میں نام، پتا، فون نمبر اور ای میل شامل ہیں، لیکن ان تک محدود نہیں ہے۔ کی گئی تمام تبدیلیاں، شیڈول اور اپ ڈیٹ شدہ ادائیگی اکاؤنٹ معلومات سے ادا کی جانے والی مستقبل کی ادائیگیوں کے لیے فوری طور پر موثر العمل ہیں۔ اگر آپ ادائیگی کا درست اکاؤنٹ یا رابطے سے متعلق معلومات فراہم نہیں کرتے تو Konnect by HBL، ادائیگی کی کارروائیوں میں ہونے والی کسی بھی غلطی یا فیسوں کا ذمہ دار نہیں ہے۔

12. آپ کی ذمہ داری

اپنے Konnect by HBL اکاؤنٹ کے تحت آپ ہمیں براہِ راست منتقلی کے ذریعے شروع کی گئی تمام ادائیگیوں اور منتقلیوں کے لیے اپنے اکاؤنٹس کو کریڈٹ یا چارج کرنے کا اختیار دیتے ہیں۔ آپ ان ساری ٹرانزیکشنز اور قابلِ اطلاق ریاستی اور وفاقی قانون کی اجازت کی حد تک تمام غیر مجاز ٹرانزیکشنز کے لیے ذمہ دار ہیں۔

13. آپ کے نقصان کا معاوضہ

سوائے اس حد تک کہ Konnect by HBL ان شرائط یا کسی معاہدے کے تحت ذمہ دار ہے جو بصورت دیگر آپ کے اکاؤنٹ کی نگرانی کرتا ہے، اگر آپ کسی ایسے اکاؤنٹ کے مالک ہیں جہاں براہِ راست منتقلی سے ادائیگی کی جاتی ہے، تو آپ نقصان کا معاوضہ دینے پر متفق ہیں اور آپ ہمیں، ہمارے ڈائریکٹرز، افسران، ملازمین اور ایجنٹوں کو ہر طرح کے نقصان، ذمہ داری، دعووں، مطالبات، فیصلوں اور اخراجات جو آپ کے اکاؤنٹ کی وجہ سے پیدا ہوں یا کسی بھی طرح براہِ راست منتقلی سروسز کی کارکردگی سے منسلک ہوں، سے بری الذمہ قرار دیتے ہیں۔ یہ معاوضہ اس سے قطع نظر فراہم کیا گیا ہے کہ ہمارا معاوضہ لینے کا دعویٰ آپ کے ذریعے Konnect by HBL کی وجہ سے ہے۔

14. تیسرے فریقین

سوائے، جہاں اس معاہدے میں خاص طور پر فراہم کردہ ہے یا جہاں قابلِ اطلاق قانون کو مختلف نتیجے کی ضرورت ہو، نہ ہی ہم اور نہ ہی ہمارے سروسز فراہم کرنے والے یا دیگر کوئی ایجنٹس کسی نقصان یا ذمہ داری کے لیے ذمہ دار نہیں ہوں گے، جس کے نتیجے میں پورے طور پر یا کسی حد تک آپ کے عمل یا آپ کے آلات یا سوفٹ ویئر پر عمل کرنے میں ناکامی یا انٹرنیٹ براؤزر فراہم کرنے والا جیسے کہ مائیکروسوفٹ (انٹرنیٹ ایکسپلورر براؤزر)، انٹرنیٹ رسائی کے ذریعے / سروس فراہم کنندہ، وائرلیس سروس فراہم کنندہ کے ذریعے، آن لائن سروس فراہم کنندہ کے ذریعے یا ان میں سے کسی کے ایجنٹ یا کسی ذیلی ٹھیکے دار کے ذریعے، نہ ہی ہم نہ ہی ہمارے سروس فراہم کنندہ یا دیگر ایجنٹس، کسی بھی بلاواسطہ، بالواسطہ، خصوصی یا ضمنی، مالی یا Konnect by HBL کے ذریعے آن لائن فنانشل سروسز تک رسائی حاصل کرنے میں ناکامی پر پیدا ہونے والے نقصانات کے لیے ذمہ دار ہیں۔

15. تفویض

Konnect by HBL، ان شرائط کے تحت ہمارے حقوق کی تفویض اور فرائضِ منصبی کی تفویض، ہم سے وابستہ کمپنی یا کسی اور تیسرے فریق کے سپرد کر سکتا ہے۔ ہم اپنے کچھ اور حقوق اور ذمہ داریاں، ان شرائط کے تحت، آزاد ٹھیکے دار یا دیگر تیسرے فریقوں کے سپرد کر سکتے ہیں۔

16. تیسرے فریق کی پروڈکٹس اور سروسز

Konnect by HBL ایپ استعمال کرتے ہوئے آپ اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ Konnect لائف اسٹائل کے تحت آپ کے ذریعے استعمال کی جانے والی پروڈکٹس اور سروسز کو کسی تیسرے فریق کے زیرِ ملکیت اور چلانے والی ویب سائٹ کے ذریعے فراہم کیا جاتا ہے۔ HBL ذمہ دار نہیں ہے اور نہ ہی اس سے منسلک ویب سائٹس کی دستیابی یا تیسرے فریق کی سروسز کے کسی بھی مواد کی توثیق کرتا ہے یا اسے کنٹرول کرتا ہے۔ HBL اس طرح کی ویب سائٹس، تیسرے فریقوں کی ملکیت اور ان کے تحت چلائے جانے والے تیسرے فریقوں، ان پر موجود معلومات یا ان کی پروڈکٹس یا سروسز کی کوالٹی کے مناسب ہونے کے بارے میں کوئی ضمانت یا نمائندگی، اظہار یا ان کے حق میں رائے نہیں دیتا۔ اگر آپ کسی تیسرے فریق کو ویب سائٹ تک رسائی حاصل کرنے اور ان میں موجود معلومات کو بروئے کار لینے کا فیصلہ کرتے ہیں اور / یا اس طرح کے تیسرے فریق سے سامان یا سروسز کی فراہمی کے لیے کوئی معاہدہ کرتے ہیں تو آپ پوری طرح سے اپنی ذمہ داری پر خود کو خطرے میں ڈال کر یہ کام کرتے ہیں۔ Konnect by HBL، نہ ہی Konnect ایپ کے ذریعے خریدی گئی کسی تیسرے فریق کی پروڈکٹس / سروسز کے لیے ذمہ دار ہوگا نہ ہی اس کے معیار، تجارتی طور پر تسلیم کیے جانے والے معیار، وارنٹی یا قبولیت کا ذمہ دار ہوگا۔ مزید بر آں، HBL، کسی بھی ایسی منسلک ویب سائٹ کے ذریعے موجود یا اس تک رسائی شدہ کسی بھی معلومات، مواد، پروڈکٹس یا سروسز کے استعمال کی وجہ سے یا ان پر انحصار کے سلسلے میں ہونے والے نقصان یا خسارے کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ہے۔ آپ کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ تیسرے فریق کی شرائط وضوابط کا جائزہ لینے اور تیسرے فریق کی ویب سائٹ کے ذریعے ہونے والی کسی بھی بات چیت / خریداری سے متعلق کوئی سوالات ہونے کی صورت میں براہِ راست تیسرے فریق سے رابطہ کریں۔

ذاتی حادثاتی انشورنس

پروڈکٹ

یہ انشورنس پروڈکٹ، کورڈ ہونے والے شخص کو ایسے حادثے سے جس سے موت واقع ہو جائے، معذوری یا ایسی چوٹ لگنے کی صورت میں جس میں طبی معاونت درکار ہو، کور کرتی ہے۔

کوریج

کوریج صرف ایک (1) سال کے لیے موزوں ہے۔

موت یا معذوری–پالیسی کے مطابق۔

حادثاتی ایمرجنسیز–پالیسی کے مطابق۔

استثنیات

اس پالیسی میں شامل نہیں ہے:

- جان بوجھ کر خود کو چوٹ پہنچانا، خودکشی یا اقدام خودکشی چاہے وہ جرم کا شکار ہوا ہو یا نہیں
- جنگ، حملہ اور دہشت گردی کا عمل
- نشے کا اثر
- حمل کی پیچیدگیاں
- جان بوجھ کر اپنے تئیں غیر معمولی خطرہ لاحق ہونا
- انشورڈ ہونے والے کے ذریعے مجرمانہ سرگرمی

تمام دیگر معیاری استثنیات، جوبلی جنرل پالیسی میں بیان شدہ ہیں

شرائط وضوابط

- توثیقی کال کی وصولی اور تصدیق کے وقت مناسب بیلنس کی دستیابی پر کامیاب تصدیق کے بغیر کسی بھی انشورنس درخواست پر کارروائی نہیں کی جائے گی
- فوائد، بر اعظمی سطح کے فوائد کے مطابق ہوں گے
- فائدہ اٹھانے والا براہِ راست رشتہ دار ہونا چاہیے؛ والدین، اولاد، بہن بھائی یا شریکِ حیات

تمام شرائط جوبلی جنرل پالیسی کے مطابق

فری لُک پیریڈ

پالیسی چودہ (14) دن کے اندر کسی بھی وقت منسوخ کی جاسکتی ہے اور پورا پریمیم واپس (جزوی یا مکمل طور پر غیر استعمال سے مشروط) کر دیا جائے گا۔

پالیسی کی منسوخی

انشورنس کی مدت کے دوران کسی بھی وقت پالیسی کو منسوخ کیا جاسکتا ہے اور پرو ریٹا(Pro rata) پریمیم کی واپسی (جزوی یا مکمل طور پر غیر استعمال سے مشروط) کی جاسکے گی۔

Konnect by HBL ہیلپ لائن

021-111-425-111

جوبلی جنرل انشورنس ہیلپ لائن

021-111-654-111

دستبرداری

Konnect by HBL، جوبلی جنرل انشورنس کی جانب سے اس پروڈکٹ کا ڈسٹری بیوٹر ہے۔ HBL، پالیسی یا دعویٰ کے مسترد ہونے کا ذمہ دار نہیں ہوگا اور کوئی تفتیش یا سفارش نہیں کرے گا۔

بین الاقوامی ٹریول انشورنس

پروڈکٹ

یہ انشورنس پروڈکٹ، کورڈ ہونے والے شخص کو کسی بین الاقوامی سفر کے دوران نقصان اور زخمی ہونے کی صورت میں کور کرتی ہے۔

کوریج

کوریج صرف قیام کی مدت کی حد کے لیے ہے۔

رقم پالیسی کے مطابق (ہاسپٹلائزیشن)

رقم پالیسی کے مطابق (حادثاتی موت)

کوریج سات (7) دن کے لیے موزوں ہے

استثنیات

اس پالیسی میں شامل نہیں ہے:

- جنگ، حملہ اور دہشت گردی
- خطرناک کھیلوں کے شغل
- پہلے سے موجودہ طبی حالت، حمل، بیماری کے بعد صحت بحالی یا دوبارہ بیماری میں مبتلا ہونا
- اپنے ملک واپس آنے کے بعد ہونے والے کوئی بھی اخراجات
- فراہم کردہ سفر نامے کے مطابق جانچ پڑتال یا جہازوں سے تصدیق حاصل کرنے میں ناکامی (تاخیر سے روانگی کی صورت میں)

– ضمنی نقصان
– ایک ایسا سفر جس سے آپ کو انشورنس کی مدت کے اندر واپس آنے کے لیے بُک نہیں کیا جاتا
– مسلح افواج کے ممبر کی حیثیت سے آپریشنل فرائض

تمام دیگر معیاری استثنیات، جوبلی جنرل پالیسی میں بیان شدہ ہیں

شرائط وضوابط

– توثیقی کال کی وصولی اور تصدیق کے وقت مناسب بیلنس کی دستیابی پر کامیاب تصدیق کے بغیر کسی بھی انشورنس درخواست پر کارروائی نہیں کی جائے گی
– اقوامِ متحدہ کی اجازت کے تحت شامل ممالک کا احاطہ نہیں کیا گیا ہے

تمام شرائط جوبلی جنرل پالیسی کے مطابق

فری لُک پیریڈ

پالیسی چودہ (14) دن کے اندر (لیکن سفر کی تاریخ سے پہلے) کسی بھی وقت منسوخ کی جاسکتی ہے اور پورا پریمیم واپس کر دیا جائے گا (ویزا منسوخی فراہم کرنے اور پاسپورٹ فراہم کرنے سے مشروط ہے تاکہ فائدہ حاصل کرنے کے لیے اس کے غیر استعمال کو ظاہر کیا جاسکے)۔

پالیسی کی منسوخی

سفر کی تاریخ شروع ہونے کے بعد کسی بھی طرح سے پالیسی کو منسوخ نہیں کیا جاسکتا۔

HBL ہیلپ لائن

021-111-425-111

جوبلی جنرل انشورنس ہیلپ لائن

021-111-654-111

دستبرداری

Konnect by HBL، جوبلی جنرل انشورنس کی جانب سے اس پروڈکٹ کا ڈسٹری بیوٹر ہے۔ HBL، پالیسی یا دعویٰ کے مسترد ہونے کا ذمہ دار نہیں ہو گا اور کوئی تفتیش یا سفارش نہیں کرے گا۔

ذاتی لائف انشورنس

پروڈکٹ

یہ پروگرام صارفین کے لیے لائف انشورنس کے فوائد پیش کرتا ہے اور شرکا کو ڈیجیٹل ایپ اور ویئرایبل ڈیوائسز کا استعمال کرتے ہوئے اپنی صحت بہتر بنانے کے لیے علم کے ساتھ، اوزار اور ترغیب فراہم کرتا ہے۔ جسمانی سرگرمی کے ہفتہ وار اہداف کے حصول پر صارفین انعامات حاصل کرسکتے ہیں۔

کوریج

کوریج، اہم منصوبہ A، B یا C کی رکنیت تجدید کرنے کے اختیار کے ساتھ صرف ایک (1) سال کے لیے موزوں ہے۔

اختصاص

ذیل کی وجہ سے یا ان کے نتیجے میں پالیسی کسی نقصان یا اخراجات کا احاطہ نہیں کرتی:

- جان بوجھ کر خود کو چوٹ پہنچانا، خودکشی یا اقدامِ خودکشی چاہے وہ جرم کا شکار ہوا ہو یا نہیں
- جنگ، حملہ اور دہشت گردی کا عمل
- نشے کا اثر
- حمل کی پیچیدگیاں
- جان بوجھ کر اپنے تئیں غیر معمولی خطرہ لاحق ہونا
- انشورڈ ہونے والے کے ذریعے مجرمانہ سرگرمی
- پہلے سے موجود کوئی بھی طبی حالت
- پیشہ ورانہ کھیل میں حصہ لینا چاہے مشق ہو یا کھیل، مقابلہ، ریس، زمین، ہوا یا سمندر میں میچ، خطرناک کھیل / سرگرمیاں جیسے کہ موسمِ سرما کے کھیل، پہاڑ چڑھنا، کوہ پیمائی، بنگی جمپنگ، ریور رافٹنگ، بوٹ ہولنگ، پیراشوٹنگ، پیراگلائیڈنگ یا اسکوبا ڈائیونگ

شرائط وضوابط

توثیقی کال کی وصول اور تصدیق کے وقت مناسب بیلنس کی دستیابی پر کام تصدیق کے بغیر کسی بھی انشورنس درخواست پر کارروائی نہیں کی جائے گی۔

فائدہ اٹھانے والے کا مطلب ہے وہ شخص جو انشورنس سرٹیفکیٹ پر بیان ہوا ہے اور وہ انشورڈ ہونے والے صارف کی / کا شریکِ حیات یا والدین یا اولاد یا بہن بھائی ہے۔ اگر ایسے فائدہ اٹھانے والے کا نام انشورنس سرٹیفکیٹ میں نہیں لیا گیا ہے تو اس کا مطلب انشورڈ ہونے والے صارف کا قانونی وارث ہے۔

تمام شرائط آئی جی آئی لائف وائٹلیٹی پالیسی کے مطابق ہیں۔

فری لک پیریڈ

پالیسی چودہ (14) دن کے اندر کسی بھی وقت منسوخ کی جاسکتی ہے اور پورا پریمیم واپس (جزوی یا مکمل طور پر غیر استعمال سے مشروط) کر دیا جائے گا۔

پالیسی کی منسوخی

جب بنیادی انشورنس پالیسی منسوخ ہو جائے گی تو وائٹلیٹی ایکٹیو ممبر شپ منسوخ ہو گی۔

Konnect by HBL ہیلپ لائن 021-111-425-111

آئی جی آئی لائف وائٹلٹی انشورنس ہیلپ لائن 021-111-111-711

دستبرداری

Konnect by HBL، آئی جی آئی لائف وائٹلیٹی انشورنس کی جانب سے اس پروڈکٹ کا ڈسٹری بیوٹر ہے۔HBL، پالیسی یا دعوے کے مسترد ہونے کا ذمہ دار نہیں ہو گا اور کوئی تفتیش یا سفارش نہیں کرے گا۔